capitalsun06@hotmail.com ★★★★★★★ Ph:0334-0800592

ABC CERTIFIED

حکومت پاکستان، آڈٹ آف بیورو سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

CAPITAL ROOTS ISLAMABAD

مستند قومی اخبار

ماہنامہ

اسلام آباد انٹرنیشنل

کیپٹل روٹس

ایڈیٹر: راؤ محمد طاہر

گروپ ایڈیٹر: عابد رضا راجہ

جلد نمبر 16 | جمعہ 28 ربیع الاول 1448ھ 11 ستمبر 2026ء 26 بھادوں ۔۔ صفحات 4 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 192


وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا ویژن، 91 تحصیلوں میں 1500 بسیں چلیں گی

صوبہ کی 91 تحصیلوں میں 1500 الیکٹرک بسیں چلیں گی۔ ہر تحصیل کیلئے مخصوص الیکٹرک بس ڈپو کی منظوری بھی دے دی گئی ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مختلف اضلاع میں مزید الیکٹرک بسوں کی فراہمی کی منظوری دیدی

پنجاب بھر میں جون 2027 تک تین ہزار الیکٹرک بسیں چلیں گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ستمبر (رواں ماہ کے آخر) تک الیکٹرک بس سروس کا پہلا فیز مکمل کرنے کا ہدف دے دیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت ڈویژن اور اضلاع کے بعد اب ہر تحصیل میں الیکٹرک بس چلے گی۔ پنجاب میں تحصیل کی سطح پر الیکٹرک بس سروس کا آغاز جنوری سے کر دیا جائے گا۔ صوبہ کی 91 تحصیلوں میں 1500 الیکٹرک بسیں چلیں گی۔ ہر تحصیل کیلئے مخصوص الیکٹرک بس ڈپو کی منظوری بھی دے دی گئی ہے۔ الیکٹرک بس سروس کیلئے پہلا بیچ جنوری 2027ء میں لاہور پہنچ جائے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مختلف اضلاع میں مزید الیکٹرک بسوں کی فراہمی کی منظوری دیدی۔ پنجاب بھر میں جون 2027 تک تین ہزار الیکٹرک بسیں چلیں گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ستمبر (رواں ماہ کے آخر) تک الیکٹرک بس سروس کا پہلا فیز مکمل کرنے کا ہدف (بقیہ نمبر 1)

18ویں ترمیم میں مقامی حکومتوں کو مالی، انتظامی اختیارات کی منتقلی لازمی نہ بنانا غلطی تھی، قمر زمان کائرہ



لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما قمر زمان کائرہ نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی (بقیہ نمبر 6)

27 ستمبر کا احتجاج اٹل، فیصلے پر نظر ثانی نہیں کر سکتے، بیرسٹر گوہر



اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ 27 ستمبر کا احتجاج اٹل ہے، (بقیہ نمبر 5)

نئے صوبوں کا قیام اور بلدیاتی نظام ناگزیر ہے، بیرسٹر سیف نے بھی حمایت کر دی



پشاور (این این آئی) سابق مشیر اطلاعات خیبر پختون خوا بیرسٹر محمد علی سیف کا کہنا ہے کہ نئے (بقیہ نمبر 4)

وزیراعلیٰ مریم نواز لندن کے نجی دورہ کے بعد لاہور واپس پہنچ گئیں



لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف لندن کے نجی دورے کے بعد لاہور (بقیہ نمبر 3)

سینیٹر ایمل ولی خان سے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن کا ٹیلی فونک رابطہ



پشاور (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سینیٹر ایمل ولی خان سے امیر (بقیہ نمبر 2)

سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں کارروائیاں، بھاتی حیات فتنہ دہشت گرد ہلاک 11

سیکیورٹی فورسز نے کارروائیاں 6 اور 7 ستمبر کو فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کیں

راولپنڈی (این این آئی) بلوچستان کے اضلاع خاران اور واشک میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کرتے ہوئے بھارتی سرپرست یافتہ 11 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے یہ کارروائیاں 6 اور 7 ستمبر کو فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 6 ستمبر کو دہشتگردوں نے (بقیہ نمبر 9)

غیر فعال سمز سے منسلک وٹس ایپ اکاؤنٹس بند کرنے کا فیصلہ

صارفین اپنے واٹس ایپ اکاؤنٹس کو فعال موبائل نمبرز کے ساتھ منسلک کریں، پی ٹی اے

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی نے غیر فعال سمز سے منسلک وٹس ایپ اکاؤنٹس بند کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ اعلامیے کے مطابق غیر فعال، منسوخ یا زیر استعمال نہ رہنے والی سمز سے منسلک واٹس ایپ اکاؤنٹس بلاک کر دیے جائیں گے، غیر فعال موبائل نمبرز (بقیہ نمبر 7)

ایف بی آر نے ایکسپورٹرز کو ریلیف فراہم کرتے ہوئے اہم ٹیکس قوانین میں اہم ترامیم جاری کر دیں

اسلام آباد (این این آئی) ایف بی آر نے ایکسپورٹرز کو ریلیف فراہم (بقیہ نمبر 8)



اسلام آباد: آزاد جموں و کشمیر کے وزیراعظم سید انتخار علی گیلانی وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں۔

وزیر ریلوے کا بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

جب تک دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ نہیں ہو جاتا ریاستی اداروں اور قوم کا پختہ عزم برقرار رہے گا، حنیف عباسی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی نے بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف سیکورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے اہلکاروں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ایک بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ 11 دہشت گردوں کو انجام تک پہنچانا سیکورٹی فورسز کی اعلیٰ پیشہ ورانہ مہارت اور بروقت کارروائی کا منہ بولتا ثبوت (بقیہ نمبر 10)



کسانوں کو آسان شرائط پر مالی و سائل فراہم کیے جائیں، وزیراعظم

بینک اور مالیاتی ادارے کسانوں، ایس ایم ایز اور ہاؤسنگ سیکٹر کو قرضوں کی فراہمی میں اپنا کردار ادا کریں، جو بینک قرضوں کی فراہمی میں بھرپور کردار ادا کریں گے، حکومت ان کی حوصلہ افزائی کرے گی

زرعی شعبہ ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے جس کے فروغ کے لئے کام کرنا قومی زمہ داری ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کسانوں کو بلا رکاوٹ اور آسان شرائط پر مالی وسائل تک رسائی یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بینک اور مالیاتی ادارے کسانوں، ایس ایم ایز اور ہاؤسنگ سیکٹر کو قرضوں کی فراہمی میں اپنا کردار ادا کریں، جو بینک قرضوں کی فراہمی میں بھرپور کردار ادا کریں گے، زرعی شعبہ ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے جس کے فروغ کے لئے کام کرنا قومی زمہ داری ہے۔ وزیراعظم آفس سے جاری اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم اپنا گھر اسکیم، زراعت (بقیہ نمبر 13)



اسلام آباد: قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی آئی سی سی آئی (ICCI) میں پاکستان ویمن لیڈر شپ اینڈ پالیسی سمٹ 2026 سے خطاب کر رہے ہیں۔

یمن سے سعودیہ پر حملوں سے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ آپریشنل ہو گا، خواجہ آصف

پاکستان معاہدے کے تحت اپنی ذمہ داریوں سے پیچھے نہیں ہٹے گا اور سعودی عرب کی سلامتی سے متعلق پاکستان کا مؤقف واضح ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ یمن سے سعودی عرب پر ہونے والے حملوں کی صورت میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیے کے درمیان موجود مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت تینوں ممالک ایک دوسرے کی مدد کے پابند ہیں اور کسی ایک ملک کے خلاف (بقیہ نمبر 14)

انٹرویو میں وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ مکہ میں طے پانے والے سہ فریقی دفاعی معاہدے کے تحت تینوں ممالک ایک دوسرے کی مدد کے پابند ہیں

ٹیکس ادائیگی میں جعلسازی، ڈیفالٹرز کیخلاف انفورسمنٹ کارروائیوں میں تیزی لانے کا فیصلہ

ڈیجیٹلائزیشن، موثر انفورسمنٹ، ٹیکس بیس میں توسیع ہی پائیدار ریونیو گروتھ کی بنیاد ہے، چیئرمین پی آر اے

لاہور (این این آئی) پنجاب ریونیو اتھارٹی نے ٹیکس ادائیگی میں جعلسازی اور ڈیفالٹرز کے خلاف انفورسمنٹ کارروائیوں میں تیزی لانے کا فیصلہ کر لیا جبکہ عوامی شکایات کے حل میں غیر ضروری تاخیر اور فائل ورک تک محدود رکھنے والے افسران کو بھی سخت تنبیہ کر دی گئی۔ چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا کی زیر صدارت افسران کی کارکردگی اور اصلاحات پر جائزہ اجلاس ہوا جس میں مختلف شعبہ جات سے حاصل ہونے والے محصولات، ٹیکس اہداف اور ریکوری کی مجموعی (بقیہ نمبر 15)



لاہور صوبائی وزیر بلدیات ڈیشان رفیق ستھرا پنجاب سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

نئے صوبے عوام کی مرضی کے بغیر نہیں بن سکتے، گورنر پنجاب

غریب کا درد صرف پیپلز پارٹی ہی محسوس کرتی ہے، اتفاق رائے کے بغیر کوئی بھی فیصلہ کرنا ممکن نہیں، سردار سلیم حیدر خان

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے عوام کا جینا محال کر دیا، غریب کا درد صرف پیپلز پارٹی ہی محسوس کرتی ہے، نئے صوبے عوام کی مرضی کے بغیر نہیں بن سکتے، اتفاق رائے کے بغیر کوئی بھی فیصلہ کرنا ممکن نہیں، ہلال احمر کی طرف سے سیلاب متاثرین میں گھروں کی تقسیم قابل ستائش ہے۔ ان خیالات کا اظہار اُنہوں نے چنیوٹ میں ریڈ کریسنٹ (بقیہ نمبر 19)

پنجاب اسمبلی میں مبینہ غیر قانونی بھرتیوں کے کیس میں ملزمان فرد جرم عائد کرنے کیلئے طلب

سابق وزیر اعلیٰ چوہدری پرویز الٰہی کی طبیعت ناساز ہونے کے باعث حاضری معافی کی درخواست

لاہور (این این آئی) اینٹی کرپشن عدالت نے پنجاب اسمبلی میں مبینہ غیر قانونی بھرتیوں کے کیس میں سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی سمیت دیگر کے خلاف کیس کی سماعت 7 اکتوبر تک ملتوی کرتے ہوئے ملزمان کو فرد جرم کے لیے طلب کر لیا۔ اینٹی کرپشن عدالت کے جج جاوید اقبال وڑائچ نے کیس کی سماعت کی۔ سابق پرنسپل سیکرٹری محمد خان بھٹی سمیت دیگر عدالت (بقیہ نمبر 20)

لاہور: صوبائی وزیر جیل کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق پی ڈی ایم اے ہیڈ آفس میں صوبائی ایمرجنسی سنٹر کا دورہ کر رہے ہیں۔

اثاثوں کی تفصیلات جمع نہ کرانے پر زرتاج گل، صاحبزادہ حامد رضا اور عبداللطیف نااہل قرار

گوشواروں کی تفصیلات جمع کرانے تک یہ سابق ارکان قومی اسمبلی نااہل ہیں، الیکشن کمیشن کا تحریری حکم نامہ

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے مالی سال 25-2024 کے اثاثوں کی تفصیلات جمع نہ کرانے پر زرتاج گل، صاحبزادہ حامد رضا اور عبداللطیف کو نااہل قرار دیدیا۔ تفصیلات کے مطابق الیکشن کمیشن نے سابق ارکان قومی اسمبلی کو نااہل قرار دینے کا تحریری حکم نامہ بھی جاری کر دیا ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق مالی سال 25-2024 کے اثاثوں کی تفصیلات جمع نہ کرانے پر زرتاج گل، صاحبزادہ حامد رضا اور عبداللطیف کو نااہل قرار دے دیا گیا ہے۔ الیکشن کمیشن (بقیہ نمبر 27)

ٹیکس ادائیگی میں جعلسازی، ڈیفالٹرز کیخلاف انفورسمنٹ کارروائیوں میں تیزی لانے کا فیصلہ

ڈیجیٹلائزیشن، موثر انفورسمنٹ، ٹیکس بیس میں توسیع ہی پائیدار ریونیو گروتھ کی بنیاد ہے، چیئرمین پی آر اے

لاہور (این این آئی) پنجاب ریونیو اتھارٹی نے ٹیکس ادائیگی میں جعلسازی اور ڈیفالٹرز کے خلاف انفورسمنٹ کارروائیوں میں تیزی لانے کا فیصلہ کر لیا جبکہ عوامی شکایات کے حل میں غیر ضروری تاخیر اور فائل ورک تک محدود رکھنے والے افسران کو بھی سخت تنبیہ کر دی گئی۔ چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا کی زیر صدارت افسران کی کارکردگی اور اصلاحات پر جائزہ اجلاس ہوا جس میں مختلف شعبہ جات سے حاصل ہونے والے محصولات، ٹیکس اہداف اور ریکوری کی مجموعی (بقیہ نمبر 15)

این اے 168 ضمنی انتخاب، 20 امیدواروں کو انتخابی نشانات الاٹ

بہاولپور (این این آئی) حلقہ این اے 168 بہاولپور 5 میں ضمنی انتخاب کے لیے امیدواروں کی فہرست جاری کر دی گئی۔ ریٹرننگ افسر کے مطابق ضمنی انتخاب میں حصہ لینے والے 20 امیدواروں کو انتخابی نشانات الاٹ کر دیے گئے ہیں، ریٹرننگ افسر کے مطابق حلقہ این اے (بقیہ نمبر 16)

تھانہ آبپارہ کی اپ گریڈیشن مکمل، محسن نقوی نے افتتاح کر دیا

ایس ایچ او آفس، ڈی آر سی، اکوائری آفس، ویٹنگ ایریا سمیت دیگر شعبوں کا معائنہ، سہولتوں پر اطمینان کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کے تھانوں کی حالت بدلنے لگی، تھانہ آبپارہ کی اپ گریڈیشن مکمل ہونے پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے تعمیر نو کے بعد تھانے کا افتتاح کر دیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے تھانہ آبپارہ کے مختلف سیکشنز کا دورہ کیا اور ایس ایچ او آفس، ڈی آر سی، اکوائری آفس، ویٹنگ ایریا سمیت دیگر شعبوں کا معائنہ کیا، محسن نقوی نے تھانے کے کاؤنٹر پر شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا اور سائلین کیلئے فراہم کردہ (بقیہ نمبر 17)

وفاق کا ساڑھے 7 لاکھ ٹن گندم درآمد کرنے کا فیصلہ، سندھ کیلئے 3 لاکھ ٹن مختص

تازہ فصل کی گندم درآمد کرنے کی شرط عائد، ملک میں طلب و رسد کا فرق ختم کرنے کیلئے اقدام

کراچی (این این آئی) وفاقی حکومت نے ملک میں گندم کی دستیابی یقینی بنانے اور طلب و رسد میں توازن قائم رکھنے کے لیے ساڑھے 7 لاکھ میٹرک ٹن گندم درآمد کرنے کا فیصلہ کر لیا، جس میں سندھ کیلئے 3 لاکھ ٹن گندم مختص کی گئی ہے۔ حکومت کی جانب سے گندم کی درآمد کے لیے ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان (ٹی سی پی) نے عالمی ٹینڈر جاری کرتے ہوئے بین الاقوامی کمپنیوں سے بولیاں طلب کر لی ہیں۔ حکام کے مطابق درآمد کی جانے والی گندم تازہ ترین (بقیہ نمبر 18)



لاہور: صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ آئی ڈیپ کے 79ویں بورڈ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

پائیدار قومی ترقی کیلئے خواتین کو بااختیار بنانا ناگزیر ہے، یوسف رضا

پاکستان کی جمہوری طاقت، معاشی ترقی اور سماجی ہم آہنگی اس وقت تک مکمل طور پر حاصل نہیں کی جا سکتی جب تک خواتین اداروں، معیشت اور مستقبل کی تشکیل میں مساوی طور پر حصہ نہ لیں

اسلام آباد (این این آئی) قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پائیدار قومی ترقی کیلئے خواتین کو بااختیار بنانا ناگزیر ہے، پاکستان کی جمہوری طاقت، معاشی ترقی اور سماجی ہم آہنگی اس وقت تک مکمل طور پر حاصل نہیں کی جا سکتی جب تک خواتین اداروں، معیشت اور مستقبل کی تشکیل میں مساوی طور پر حصہ نہ لیں، مالیاتی ادارے خواتین کی مالی معاونت یقینی بنائیں۔ بدھ کو یہاں اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ (بقیہ نمبر 29)



امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن ادارہ نور حق کراچی میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

آئی جی پنجاب نے 7 افسران کے تقرر و تبادلے کر دیئے

لاہور (این این آئی) آئی جی پنجاب عبدالکریم نے 7 افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تقرری کے منتظر آغا رمضان علی کو ایس ایس پی ہائی وے پٹرول لاہور، شاہد نواز کو ایس پی ہائی وے پٹرول سے ایس پی انویسٹی گیشن ون لاہور، ایس پی ہائی وے پیٹرول مس راحیلہ اقبال کو اے آئی جی (بقیہ نمبر 30)

ننھی آئزل کی والدہ کی حنا پرویز بٹ سے ملاقات، انصاف کیلئے ہر ممکن معاونت کی یقین دہانی

لاہور (این این آئی) کراچی میں مبینہ زیادتی کے بعد جاں بحق ہونے والی 18 ماہ کی ننھی آئزل کی والدہ کراچی سے لاہور پہنچیں اور چیئرپرسن پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے موقع پر سوشل میڈیا انفلوئنسر و سماجی کارکن علینا عامر بھی موجود تھیں۔ علینہ عامر نے چیئرپرسن پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ کو (بقیہ نمبر 31)

سکولوں میں طلبہ کیلئے گوگل جمنائی لرننگ، سرٹیفکیشن پروگرام شروع کرنے کا اعلان

آٹھویں سے دسویں جماعت کے طلبہ کو گوگل جمنائی، اے آئی، پرامپٹ انجینئرنگ، جمنائی کے عملی استعمال کی تربیت دی جائیگی

لاہور (این این آئی) سرکاری سکولوں میں طلبہ کو جدید ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت سے روشناس کرانے کے لیے جمنائی لرننگ اور سرٹیفکیشن پروگرام شروع کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ پروگرام کے تحت آٹھویں سے دسویں جماعت کے طلبہ کو گوگل جمنائی کے استعمال، مصنوعی ذہانت، پرامپٹ انجینئرنگ اور جمنائی کے عملی استعمال کی تربیت دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق سرکاری سکولوں میں طلبہ کے لیے جمنائی اکیڈمی اور کری ایٹو آور کا اہتمام کیا جائے گا جبکہ طلبہ کو اے آئی (بقیہ نمبر 32)

پی ٹی آئی کی 27 ستمبر کو اسلام آباد احتجاج کی کال، پنجاب میں تیاریاں جاری

ارکان اسمبلی کو 5، 5 لاکھ روپے فنڈ جمع کرانے اور کارکنوں کو متحرک کرنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی 27 ستمبر کو اسلام آباد احتجاج کی کال پر سیاسی کمیٹی نے پنجاب کے عہدیداروں اور ارکان اسمبلی کو تیاری کی ہدایت کر دی۔ پی ٹی آئی ذرائع کے مطابق ارکان اسمبلی کو احتجاج کے لئے پانچ پانچ لاکھ روپے فنڈ جمع کرنے کی ہدایت (بقیہ نمبر 12)

پاکستانی و مصری وزرائے خارجہ کا دوطرفہ تعلقات و علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے گزشتہ شب مصر کے وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر (بقیہ نمبر 11)

آئی جی پنجاب نے 7 افسران کے تقرر و تبادلے کر دیئے

لاہور (این این آئی) آئی جی پنجاب عبدالکریم نے 7 افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تقرری کے منتظر آغا رمضان علی کو ایس ایس پی ہائی وے پٹرول لاہور، شاہد نواز کو ایس پی ہائی وے پٹرول سے ایس پی انویسٹی گیشن ون لاہور، ایس پی ہائی وے پیٹرول مس راحیلہ اقبال کو اے آئی جی (بقیہ نمبر 30)

ننھی آئزل کی والدہ کی حنا پرویز بٹ سے ملاقات، انصاف کیلئے ہر ممکن معاونت کی یقین دہانی

لاہور (این این آئی) کراچی میں مبینہ زیادتی کے بعد جاں بحق ہونے والی 18 ماہ کی ننھی آئزل کی والدہ کراچی سے لاہور پہنچیں اور چیئرپرسن پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے موقع پر سوشل میڈیا انفلوئنسر و سماجی کارکن علینا عامر بھی موجود تھیں۔ علینہ عامر نے چیئرپرسن پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ کو (بقیہ نمبر 31)

کوٹری، کوئلے سے بھری مال گاڑی کی 3 بوگیاں پٹری سے اتر گئیں

کوٹری (این این آئی) کوٹری اسٹیشن کے قریب کوئلے سے بھری مال گاڑی کی 3 بوگیاں پٹری سے اتر گئیں۔ ریلوے حکام کے مطابق حادثے میں ریلوے ٹریک کو نقصان پہنچا ہے جس کے بعد اپ ٹریک مکمل طور پر بند ہو گیا جبکہ ڈاؤن ٹریک سے گاڑیوں کی آمد و رفت جاری ہے۔ (بقیہ نمبر 35)

فرنٹ لائن پولیو ورکرز کے یومیہ معاوضے میں 28 فیصد اضافے کا اعلان

پولیو ورکرز کے معاوضے میں اضافہ ان کی محنت، لگن اور خدمات کا اعتراف ہے، عائشہ رضا فاروق

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان انسداد پولیو پروگرام نے فرنٹ لائن پولیو ورکرز کے یومیہ معاوضے میں 28 فیصد اضافے کا اعلان کر دیا۔ قومی ایمرجنسی آپریشن سینٹر (نیشنل ای او سی) کے مطابق فرنٹ لائن پولیو ورکرز کے ساتھ لسٹنگ سیشنز کے بعد یومیہ معاوضے میں اضافے کا فیصلہ کیا گیا، معاوضے میں اضافے کا اطلاق آئندہ انسداد پولیو مہم سے ہوگا۔ اس حوالے (بقیہ نمبر 34)

چترال کے عوام بھی نئے صوبوں کے قیام کی حمایت میں پیش پیش

رقبے کے لحاظ سے چترال ایک وسیع ضلع ہے، دیر اور سوات کو ملا کر الگ صوبہ بنانا اچھا فیصلہ ہوگا، شہریوں کی رائے

چترال (این این آئی) ملک کے دیگر علاقوں کی طرح چترال کے عوام بھی نئے صوبوں کے قیام کی حمایت میں پیش پیش ہیں۔ ملک میں پائیدار ترقی، متوازن علاقائی خوشحالی اور موثر حکمرانی کے لیے نئے صوبوں کا قیام وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے۔ انتظامی اصلاحات کے (بقیہ نمبر 37)

دھرنوں کے دوران حکومت نے رابطہ کیا، ہم نے معذرت کی، حافظ نعیم

حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے لیے تجاویز مانگیں، مذاکرات میں سنجیدہ ہیں اس لیے تجاویز دے رہے ہیں، گفتگو

کراچی (این این آئی) جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ دھرنوں کے دوران حکومت نے رابطہ کیا، ہم نے معذرت کی، حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے لیے تجاویز مانگیں، مذاکرات میں سنجیدہ ہیں اس لیے تجاویز دے رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے لیے تجاویز مانگیں، مذاکرات میں سنجیدہ ہیں (بقیہ نمبر 33)



لاہور: ڈی جی سوشل ویلفیئر و بیت المال ڈاکٹر شہناشا فیصل عظیم اہم محکمانہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

موسمیاتی خطرات میں پاکستان کے 5 شہر شامل، حیدرآباد اور ملتان سرفہرست

حیدرآباد پہلے، ملتان تیسرے، لاہور پانچویں، فیصل آباد ساتویں اور کراچی آٹھویں نمبر پر

کراچی (این این آئی) دنیا کے 72 بڑے شہروں میں موسمیاتی تبدیلی کے خطرات اور ان سے نمٹنے کی صلاحیت کا جائزہ لینے والی عالمی درجہ بندی میں پاکستان کے 5 شہر شدید موسمیاتی خطرات سے دوچار قرار دیے گئے ہیں، جن میں حیدرآباد، ملتان، لاہور، فیصل آباد اور کراچی شامل ہیں۔ نیویارک ٹائمز کی جانب سے الفاجو کی تحقیق کی بنیاد پر پیش کی گئی رپورٹ میں شہروں کا جائزہ صرف سیلاب، شدید گرمی، خشک سالی، جنگلات کی آگ اور سمندری طوفان جیسے خطرات (بقیہ نمبر 22)

انویسٹمنٹ کے نام پر 15 ارب سے زائد فراڈ، نیب کیخلاف توہین عدالت درخواست

درخواست گزاروں نے پراگریس رپورٹ پر اعتراضات عدالت میں جمع کرا دیے، ایک ہزار سے زائد شہری متاثر ہوئے، وکیل

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ کے آئینی بینچ میں انویسٹمنٹ کے نام پر شہریوں سے بڑے پیمانے پر مبینہ فراڈ کے معاملے میں ڈی جی نیب، چیئرمین نیب اور دیگر کے خلاف دائر توہین عدالت کی درخواست کی سماعت ہوئی، جس دوران درخواست گزاروں نے نیب کی جانب سے عدالت میں جمع کرائی گئی پراگریس رپورٹ پر اعتراضات جمع کرا دیے۔ درخواست گزاروں (بقیہ نمبر 25)

پولیس کی کارروائی، ہوائی فائرنگ کرنے والا ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) مزنگ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اسلحہ کی نمائش اور ہوائی فائرنگ کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم احمد اسلم کو سناپ اینڈ سرچ طریقہ کار کے تحت قرطبہ چوک سے گرفتار کیا (بقیہ نمبر 23)



لاہور کمشنر ڈویژنل ڈائریکٹر پروٹیکشن ڈاکٹر نور محمد گوندل ڈیسٹی کے ذیلی اداروں کے ایکس مین ترامیم کے بارے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں۔

مکے کی امن، سلامتی اور خودمختاری کے خلاف ہر سازش ناکام بنائی جائیگی، طارق فضل

بلوچستان، سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی دہشت گردی کے خلاف قومی عزم اور فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا ثبوت ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے خاران اور واشک میں سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ کامیاب کارروائی دہشتگردی کے خلاف قومی عزم اور فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا ثبوت ہے۔ بدھ کو سماجی رابطہ کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے ناسور کے خلاف برسرپیکار بہادر جوانوں کو سلام پیش کرتا (بقیہ نمبر 28)



زراعتِ پاکستان بحران کی زد میں

وطن عزیز کے لاکھوں کسان حکومتِ وقت کی توجہ کے منتظر تاکہ اپنے گمبھیر مسائل سے نجات پاسکیں



سیّد عاصم محمود

وطن عزیز میں پچھلے چار برس سے غذاؤں کی قیمتیں بہت بڑھ چکیں اور اب متوسط و نچلے طبقوں کی بیشتر آمدن خوراک خرید نے پر صرف ہو رہی ہے۔ گویا بہت سے اخراجات کے لیے رقم ہی نہیں بچتی۔ یہ مہنگائی معاشرے میں مالی، معاشرتی اور نفسیاتی مسائل پیدا کر رہی ہے۔ غذائیں مہنگی ہونے کی ایک اہم وجہ زرعی اشیا مثلاً کھاد، بیج، افرادی قوت، قدرتی گیس، بجلی اور پٹرول کا مہنگا ہو جانا ہے۔ کسانوں کو مہنگی زرعی اشیا کے علاوہ پانی کی کمی کے مسئلے کا بھی سامنا ہے۔

کسان ظاہر ہے، مہنگی زرعی اشیا خرید کر اپنی غذائیں سستی نہیں بیچ سکتے، لہذا انھوں نے قیمتیں بڑھا دیں۔ رہی سہی کسر چولے یا دلال اور دکان دار نکالتے ہیں۔ گاہک تک پہنچتے پہنچتے اکثر غذاؤں کی قیمت دگنی زیادہ ہو جاتی ہے۔ گویا خوراک کے کاروبار میں کسان اور عوام (غذا بنانے اور خریدنے والے) تو پریشانی و ڈپریشن کا شکار ہیں، جبکہ دلال و دکان دار (غذا بیچنے والے) مالی فائدے میں رہتے ہیں۔ غذاؤں کی خرید و فروخت کا یہ نظام ناانصافی اور ظلم پہ مبنی ہے جسے تبدیل کرنا وقت کی ضرورت ہے۔

زراعت کی اہمیت

پاکستان کی معیشت میں زراعت ریڑھ کی ہڈی جیسی حیثیت رکھتی ہے۔ پندرہ سولہ کروڑ پاکستانیوں کا روزگار کسی نہ کسی طور اسی شعبے سے وابستہ ہے۔ یہی شعبہ آبادی کو غذائیں مہیا کر کے جینے کا سامان پیدا کرتا ہے۔ تاہم حکومت اس کی ترقی کے لیے اتنی توجہ نہیں دے رہی، جتنی زراعت کو ملنی چاہیے۔ موسموں اور آب و ہوا میں تبدیلی، آبادی میں تیزی سے اضافہ، پانی کی نایابی، زرعی زمینوں پر گھروں اور فیکٹریوں کی تعمیر اور زرعی اشیا کا مہنگا ہونا وہ بنیادی مسائل ہیں جن سے زراعت پاکستان نبرد آزما ہے۔ یہ مسائل صرف پاکستانی حکومت کی توجہ و خلوص ہی سے حل ہو سکتے ہیں اور یہ ہمارے حکمران طبقے کی ذمے داری بھی ہے کہ وہ ٹھوس اقدامات سے مملکت پاک میں زراعت کو ترقی دے اور کسانوں کے مسائل حل کرے تاکہ پاکستان میں سستی غذاؤں کی فراہمی یقینی بن جائے۔

مثال کے طور پہ پاکستان میں تقریباً 90 لاکھ کسان سرگرم عمل ہیں۔ ان میں سے 70 لاکھ چھوٹے کسان ہیں۔ حکومت کو یقینی بنانا چاہیے کہ خاص طور پہ چھوٹے کسانوں کو بیجتی باڑی کے لیے بیج، کھاد اور کیڑے مار ادویہ سستی اور وافر مل جائیں۔ ہوتا مگر یہ ہے کہ جب بھی بیجتی کا وقت آئے تو بیج یا کھاد نایاب ہو جاتی ہے۔ لالچی وہوس کے مارے بااثر لوگ یہ زرعی اشیا ذخیرہ کر لیتے ہیں تاکہ انھیں مہنگا کر کے فروخت کیا جا سکے۔

مہنگی کھادیں

ایک یوریا کھاد کی بوری کی سرکاری قیمت 3,560 روپے ہے، مگر بیجتی کے زمانے میں خصوصاً ذخیرہ اندوزی کی وجہ سے وہ 5,600 روپے تک چلی جاتی ہے۔ بیچارے کسان اس قیمت پہ کھاد خریدنے پر مجبور ہیں کہ انھیں بیجتی کر کے اپنا اور اپنے بچوں کا پیٹ پالنا ہے۔ زرعی اشیا کی بلیک مارکیٹنگ کی وجہ سے وہ بھی اناج یا سبزی مہنگی فروخت کرتے ہیں تاکہ اپنے اخراجات پورے کر سکیں۔

کھیت کی مٹی کو 16 غذائی عناصر (nutrients) کی ضرورت ہوتی ہے۔ ان میں سے تین اہم ہیں: نائٹروجن، فاسفورس اور پوٹاشیم۔ پھر کیلشیم، میگنیشیم اور گندھک کا نمبر آتا ہے۔ ''یوریا کھاد'' سب سے زیادہ نائٹروجن رکھتی ہے۔ اگر مٹی کو یہ تمام عناصر نہ ملیں تو وہ بنجر ہو جاتی ہے اور اس میں لگنے والے اناج یا سبزی کی پیداوار بہت کم رہتی ہے۔

پاکستان میں یوریا اور فاسفورس کی کھاد (ڈی اے پی) زیادہ استعمال ہوتی ہیں۔

اگرچہ مٹی کی درست کیمیائی ہیئت معلوم ہو جائے اور اس کے مطابق اسے کھادیں دی جائیں تو پیداوار زیادہ ہو سکتی ہے۔ دنیا کے تمام ترقی یافتہ ممالک میں اب یہی رواج ہے کہ کھیت کی مٹی کی کیمیائی ترکیب جان کر پھر اسے مطلوبہ غذائی عناصر دیئے جاتے ہیں۔ اس طریق سے ان ملکوں میں اناج، سبزی اور پھلوں وغیرہ کی پیداوار دگنی کی جا چکی۔

پاکستان میں بھی تعلیم یافتہ کسان جدید ٹکنالوجی کی مدد سے اپنے کھیتوں کی مٹی کا کیمیائی تجزیہ کرانے لگے ہیں۔ یوں وہ اپنی پیداوار بڑھانے میں کامیاب رہے تاہم ان کی تعداد کافی کم ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت اس سلسلے میں سبھی کسانوں کی تعلیم و تربیت کا بندوبست کرے۔ یہ نہایت سنجیدہ و اہم معاملہ ہے۔ ظاہر ہے، ہر پاکستانی کسان اپنے کھیت کو مطلوبہ غذائی عناصر فراہم کرنے لگے تو پاکستان میں غذاؤں کی پیداوار خاطر خواہ بڑھ جائے گی۔ یوں آبادی کو زیادہ خوراک میسر آئے گی اور غذائیں سستی ہو جائیں گی۔ ابھی تو ہر سال مہنگی غذا کی وجہ سے کئی ہزار بچے ناکافی غذائیت ملنے کے باعث چل بستے ہیں۔

یوریا اور ڈی اے پی

یوریا دراصل نائٹروجن پہ مبنی کھاد ہے۔ اس کا تیاری کا مراحل یہ ہیں: ہوا سے نائٹروجن اور قدرتی گیس سے ہائیڈروجن گیس لے کر بہت زیادہ بلند درجہ حرارت اور دباؤ والے ماحول میں انھیں ملایا جاتا ہے۔ یوں ایمونیا گیس جنم لیتی ہے۔ اس گیس کو مائع کاربن ڈائی آکسیڈ کے ساتھ ملا کر یوریا کھاد تیار ہوتی ہے۔

فاسفورس پہ مبنی کھادیں فاسفیٹ معدن سے بنتی ہے جو فاسفیٹ کی چٹانوں سے حاصل ہوتا ہے۔ اسی طرح کھیتی کے لیے ضروری تیسرے اہم عنصر، پوٹاشیم کی کھادیں بھی پوٹاش کی چٹانوں سے یہ معدن نکال کر بنائی جاتی ہیں۔



پاکستان میں مختلف کمپنیاں یوریا، ڈی پی اے اور پوٹاشیم کی کھادیں تیار کرتی ہیں تاہم وہ مقامی طلب پوری نہیں کر پاتیں۔ اسی لیے ہر سال کئی لاکھ ٹن یوریا، ڈی پی اے اور دیگر کھادیں درآمد کرنا پڑتی ہیں۔ یہ امر کھادیں بتدریج مہنگی ہونے کی اہم وجہ ہے۔ قدرتی گیس کی قیمت بڑھنے سے بھی یوریا کی قیمت میں اضافہ ہوا۔

کسانوں کی شکایت

حکومت پاکستان ہر سال یوریا، ڈی پی اے اور دیگر کھادیں بنانے والی کمپنیوں کو قدرتی گیس سستی فراہم کرتی ہے۔ پچھلے سال اس ضمن میں انھیں 90 ارب روپے کی سہولت دی گئی۔ مدعا یہ ہے کہ کمپنیاں سستی کھادیں پاکستانی کسانوں کو فراہم کر سکیں۔ مگر کسان تنظیموں کے رہنما ان کمپنیوں پہ الزام لگاتے ہیں کہ وہ سرکاری سہولت کی مالی فائدہ اٹھا کر سالانہ اربوں روپے کماتی ہیں جبکہ کسانوں کو مہنگی کھاد ہی فروخت کی جاتی ہے۔ گویا سہولت کا فائدہ عام کسان کو نہیں مل رہا۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ کسانوں کی یہ شکایت دور کرنے کے لیے بھرپور اقدامات کرے۔

جیسا کہ بتایا گیا، یوریا کھاد قدرتی گیس سے بنتی ہے۔ ماضی میں پاکستان میں قدرتی گیس وافر مقدار میں موجود تھی۔ اس لیے ممکن ہو گیا کہ یوریا کھاد کم قیمت پر بنا کر سستی کسانوں کو فروخت کی جا سکے۔ اب وطن عزیز میں قدرتی گیس کے ذخائر تیزی سے گھٹ رہے ہیں۔ چناں چہ یہ گیس نایابی کے باعث مہنگی ہو رہی ہے اور اس سے بنی یوریا کھاد بھی۔

ایک قومی المیہ

وطن عزیز کا ایک بڑا المیہ یہ ہے کہ اسے دور اندیش اور قابل حکمران طبقہ نہیں مل سکا۔ اس طبقے کے اکثر ارکان دولت، گاڑیاں، بنگلے، اعلیٰ عہدے اور تمام آسائشیں پانے کے چکر میں رہتے ہیں اور اپنے فرائض بخوبی پورے نہیں کرتے۔ اسی لیے پاکستان میں اچھے انتظام حکومت یا گڈ گورنس کا بحران جنم لے چکا۔

یہی دیکھیے کہ بھارتی حکومت بحیرہ عرب میں تیل و گیس کے کنوئیں دریافت کرنے کے لیے پوری طرح سرگرم ہے۔ ممبئی کے قریب حال ہی میں دو نئے ایسے علاقوں کے نئے ذخائر ملے ہیں۔ پاکستانی حکومت کی توجہ مگر سیاسی بکھیڑوں کی طرف زیادہ ہے اور وہ اپنا اصل کام یعنی عوام کی بہتری و فلاح و بہبود کی جانب سے غافل ہے۔ 2019ء میں پاکستانی حکومت نے کراچی کے قریب تیل و گیس کی تلاش شروع کی تھی مگر جلد ہی یہ منصوبہ ختم کر دیا گیا۔ حالانکہ تیل و گیس کی کھوج چھوٹے پیمانے پہ ہی سہی، جاری رکھی جاتی تو بھارتیوں کی طرح ہمیں بھی کامیابی مل سکتی تھی۔

بیڈ گورنس کی وجہ سے پڑوسی بھارتی، بنگلہ دیشی اور سری لنکن حکومتوں کے برعکس ہمارا حکمران طبقہ آبادی میں اضافہ بھی نہیں روک سکا۔ لہذا ہر سال تقریباً پچاس لاکھ نئے مرد و زن پاکستانی آبادی میں شامل ہو جاتے ہیں۔ گویا صرف ایک سال میں نصف کروڑ آبادی والا شہر وجود میں آتا ہے۔ ذرا سوچیے، اگر قدرتی گیس کے نئے ذخائر دریافت نہ ہوئے تو یوریا کھاد کی قیمت مسلسل بڑھتی رہے گی اور یوں غذاؤں کی قیمتوں میں اضافہ بھی جاری رہے گا۔ یہ چلن تو ایک دن غریب کو بھوکا مارنے لگے گا۔


فاسفیٹ کی کانیں

ماہرین کا کہنا ہے کہ پاکستان کے صوبوں، خیبر پختون خواہ، بلوچستان اور پنجاب میں موجود چٹانوں میں بیس کروڑ ٹن فاسفیٹ موجود ہے، مگر پاکستانی حکومت نے اسے نکالنے کے لیے کوئی سرگرمی نہیں دکھائی۔ ہر سال چند لاکھ ٹن فاسفیٹ ہی چٹانوں سے حاصل ہوتا ہے۔ حالانکہ اس عدد کو با آسانی سے بڑھانا ممکن ہے۔ مگر ایسا کرنے کے لیے جو فرض شناسی، احساس ذمے داری اور اپنے ملک کے لیے کچھ کرنے کا جذبہ کہاں سے آئے؟

حکمران طبقہ مہنگی کھادیں بیرون ممالک سے منگوا لے گا مگر انھیں پاکستان میں تیار کرنے کے اہم اقدامات نہیں اٹھائے گا تاکہ وہ سستے طریقے سے بن سکیں۔ کیا وجہ یہ ہے کہ حکومت میں شامل کرپٹ مگر طاقتور عناصر کو درآمد برآمد کے شعبے سے کمیشن یا کرپشن کی صورت بھاری رقم حاصل ہوتی ہے؟ مثال کے طور پہ پاکستان میں حال ہی میں پیاز کی قیمت تیزی سے بڑھی ہے، مگر اسے مسلسل باہر بھجوایا جا رہا ہے۔ بھارت میں جب بھی کوئی غذا مہنگی ہو تو حکومت اسے باہر بھجوانے پر پابندی لگا دیتی ہے تاکہ بھارتی عوام کو وہ سستی میسر آئے۔ اسی لیے بھارت میں غذائیں سستی ہیں۔


اگر حکومت پاکستان نے مستقبل میں لاکھوں نہیں کروڑوں پاکستانیوں کو بھوک جیسے خوفناک عفریت سے محفوظ رکھنا ہے، تو اسے فی الفور ایسے اقدامات کرنا ہوں گے جو پاکستانی کسانوں کے مسائل حل کر دیں اور انھیں بیجتی باڑی کرنے میں آسانیاں فراہم کریں۔ صرف اسی طور پہ وافر غذائیں ہونے سے پاکستانی آبادی پیٹ بھر کر کھانا کھا پائے گی۔ دوسری صورت میں ایسا نہ ہو، انقلاب فرانس کی طرح کروڑوں بھوکے حکمران طبقے کے خلاف بغاوت کر دیں۔ ●





کینجھر جھیل آلودگی سے تباہ ہو رہی ہے

سندھ کے ثقافتی اور سیاحتی ورثے کی حامل جھیل کی تباہی کا نوحہ



شبیر سومرو

کراچی سے ٹرین جب کوٹری کی جانب چلتی ہے اور وہ اس میگا پولیٹن سٹی کی حدود سے نکل کر جب آزاد فضا میں سانس لیتی ہے تو پٹری کی دونوں جانب سنگلاخ زمین بھی ساتھ ساتھ چلنے لگتی ہے۔ مغرب میں کھیر تھر پہاڑی سلسلہ نظر آتا ہے اور مشرقی سمت چٹیل میدانوں میں کوہستانی باشندوں کے منتشر جھونپڑے نظر آتے ہیں، جن کی عورتیں گہرے شوخ رنگوں والے کھلے بلوچی لباس میں کام کرتی نظر آتی ہیں۔ ان جھونپڑہ گھروں کی کوئی چاردیواری یا حد بندی نہیں ہوتی۔ ٹرین کو دیکھ کر ان کے ننگ دھڑنگ بچے مسرت سے کلکاریاں مارنے اور ہاتھ ہلانے لگتے ہیں۔ ان بچوں کو مفت کی یہ مسرت دن میں کئی بار حاصل ہوتی ہے کہ ان میدانوں کے بیچ بچھے ٹریک پر سندھ، بلوچستان، اور پنجاب جانے اور وہاں سے آنے والی درجنوں ٹرینیں دن رات گزرتی رہتی ہیں۔ سو کراچی سے نکلی کوئی ٹرین جب یہ میدان مارتی آگے نکلتی ہے تو منظر ایک دم بدلنے لگتا ہے۔ دور دور تک کھجور کے اونچے اور گھنے درخت اچانک کہیں سے نکل آتے ہیں اور کوہستانی منظر، ایک دم عرب کے نخلستان جیسا ہونے لگتا ہے۔ اس نخلستان کی اصل رونق مشرق میں نظر آنے لگتی ہے۔ یہ نیلے چمکدار پانی کا وسیع و عریض ذخیرہ ہوتا ہے، جو ریل کے اندر بیٹھے مسافروں کو سمندر ہونے کی غلط فہمی میں مبتلا کر دیتا ہے۔ وہ سوچنے لگتے ہیں کہ کراچی سے سندھ ساگر شاید یہاں تک پھیلا ہوا ہے۔۔ مگر نہیں، یہ سندھ ساگر نہیں ہے بلکہ یہ رومانوی پس منظر والی کینجھر جھیل ہے، جس کے آبی ذخیرے کی سطح پر لوک رومانوی ہیرو نَن نوری اور اس کے سائیں راجہ جام تماچی کے مزار ہیں جو جھیل کے بیچوں بیچ کسی قلعے کے گول برج کی طرح نظر آتے ہیں۔

آج سے تقریباً نصف صدی پہلے نوری جام تماچی کے یہ مزار پانیوں کے بیچ نہیں تھے بلکہ ایک جزیرے پر تھے۔ 1958ء میں حکومت نے کراچی کو پینے کے پانی کی فراہمی اور ٹھٹھہ ضلع کو زرعی زمینوں کی سیرابی کے لئے کوٹری بیراج سے پانی کا بڑا ذخیرہ یہاں (کینجھر) تک لانے کا منصوبہ شروع کیا۔ اس کے لئے کینجھر اور اس سے تھوڑے ہی فاصلے پر واقع دوسری خوبصورت جھیل سونہری کو آپس میں ملا دیا گیا۔ اور اس مقصد کے لئے دونوں جھیلوں کے درمیانی علاقے سے درجنوں گاؤں خالی کرائے گئے تھے۔ اس سے علاقے میں بکھرے ہوئے کئی قدیم آثار بھی زیر آب آ گئے تھے۔ نوری جام تماچی کی قبریں بھی پانی میں آ رہی تھیں، جن کے گرد اگرد گول اونچی دیوار بنوا کر محفوظ کر دیا گیا، جہاں اب بھی سیاح اور عاشق لوگ کشتیوں میں سوار ہو کر جاتے ہیں اور فاتحہ پڑھ کر واپس آتے ہیں۔

کینجھر جھیل کے لیے کہا جاتا ہے کہ اسے یہ حسن اپنی لوک ہیروئین نوری سے ورثے میں ملا ہے

اتوار کو جو ہزاروں کنبے مختلف شہروں سے کینجھر گھومنے آتے ہیں، ان کی واپسی کے بعد جھیل ایک عظیم الشان کچرا کنڈی کا منظر پیش کرتی ہے

کچرے کے پانی میں لڑھک جانے سے پانی گندا ہوتا ہے۔ مچھلی اور دوسری آبی حیات کی زندگی خطرے میں پڑتی ہے

ماحولیاتی آلودگی سے جھیل میں مچھلی کم ہو رہی ہے، اس لیے ماہی گیر کوہستانی علاقے میں کرش مشینوں پر کام کرنے لگے ہیں

کینجھر جھیل کے کنارے گندگی کے ڈھیروں سے آلودہ ہیں۔ بدبو اتنی رہتی ہے کہ لوگ صاف ماحول میں سانس لینے کے لیے ترستے ہیں۔ کنارے پر شجرکاری کی کمی سے بھی سائے کے مسائل ہیں کہ لوگ گرم موسم میں سایہ اور ٹھنڈی چھاؤں تلاش کرتے نظر آتے ہیں۔ کچھ درخت ہیں مگر وہ ناکافی ہیں۔ اس لیے ضرورت اس امر کی ہے کہ جھیل کے ہر جانب درخت اگا کر لوگوں کو قدرتی چھاؤں مہیا کی جائے۔

یہاں محکمہ سیاحت نے 1984ء میں جو اکیس تفریحی اور اقامتی بنگلے بنوائے تھے، ان کے بعد سرکاری طور پر کوئی اور سہولت نہیں ملی۔ ماہی گیروں نے اپنی کمائی کے لیے لکڑی سے بھدے، کمزور اور سہولتوں کے بغیر کچھ جھونپڑے سے بنوا رکھے ہیں۔ وہ جھونپڑے سرکاری بنگلوں سے کچھ سستے دستیاب ہوتے ہیں مگر ان میں سہولیات کی عدم دستیابی بہت کھلتی ہے۔


جھیل اور کنارے کی صفائی کا کوئی بھی انتظام یا نظام نہیں ہے۔ سیاح یا مقامی لوگ جو کچرا پھیلاتے ہیں، وہ یا تو کنارے پر ڈھیر ہوتا چلا جاتا ہے یا پانی لہروں کے ساتھ جھیل میں چلا جاتا ہے اور تیرتا رہتا ہے۔ اس طرح آلودگی کا مسئلہ دن بدن بڑھتا چلا جا رہا ہے۔ خاص طور پر اتوار کو جو ہزاروں کنبے کراچی، حیدرآباد، ٹھٹھہ اور دیگر شہروں سے گھومنے آتے ہیں، ان کی واپسی کے بعد کینجھر ایک عظیم الشان کچرا کنڈی کا منظر پیش کرتی ہے۔ اشیائے خورد و نوش کے ڈبے، شاپرز، فروٹ کے چھلکے، ہڈیاں خوراک کے کچے گچھے اجزا سب مل کر ماحول کو نہ صرف نظری طور پر آلودہ کرتے ہیں بلکہ ان کے گلنے سڑنے سے تعفن بھی پھیلتا ہے۔ اس کچرے کے پانی میں لڑھک جانے سے پانی گندا ہوتا ہے۔ مچھلی اور دوسری آبی حیات کی زندگی خطرے میں پڑتی ہے۔ اس کے علاوہ پلاسٹک کے شاپرز جھیل میں چلنے والی چند موٹر بوٹس کے انجنوں کے لئے بھی خطرناک ثابت ہوتے ہیں۔ سندھ ٹورزم ڈیولپمنٹ کارپوریشن نے کچرہ جمع کرنے کے لئے جا بجا ڈسٹ بن رکھوائے تھے، مگر ان میں سے بیشتر ختم اور خراب ہو رہے ہیں۔ کئی ایک مقامی لوگ اٹھا لے گئے ہیں۔ نتیجتاً جو چند ڈسٹ بن موجود ہیں، وہاں تک کچرا لے جا کر ڈالنے کی تکلیف کوئی گوارا نہیں کرتا۔

جھیل میں آلودگی کا مسئلہ بڑھانے میں کوٹری اور بولھاڑی کے سیکڑوں صنعتی یونٹس کا بھی اہم کردار ہے۔ ان فیکٹریوں سے خارج ہونے والے زہریلے کیمیکلز یا مائع زہر طویل سفر کر کے کینجھر جھیل میں آ کر شامل ہوتا ہے۔ اس کی روک تھام کے لئے بھی کوئی بندوبست نہیں کیا گیا۔ یہ گندگی کلری بگاڑ فیڈر کے ذریعے جھیل میں آ رہی ہے۔

کینجھر منچھر جھیل کے بعد سندھ کی دوسری سب سے بڑی جھیل ہے۔ یہ گہرائی کے لحاظ سے منچھر سے بہت زیادہ ہے کہ اس کی تہہ کہیں کہیں 100 فٹ گہری بھی پائی گئی ہے۔ منچھر تو آلودگی اور ملک بھر کے کھارے پانی کی شمولیت کے باعث ختم ہو چکی ہے۔ ساتھ ہی منچھر کی ماہی گیروں اور کشتیوں میں پلنے والی منفرد آبی تہذیب بھی دم توڑ چکی ہے۔ اب لگتا ہے کہ ہم لوگ کینجھر کے ساتھ بھی وہی سلوک کرنے والے ہیں۔ سب سے پہلے تو آلودگی کا مسئلہ حل ہونا چاہئے کیونکہ یہ جھیل میٹھے پانی کا وہ عظیم ذخیرہ ہے، جس سے صرف مقامی یا مضافاتی باشندے فائدہ اٹھاتے ہیں بلکہ اسی پانی سے کراچی کے لاکھوں شہری بھی پیاس بجھاتے ہیں۔ اگر کراچی کے باشندے کینجھر میں شامل ہونے والا صنعتی فضلہ دیکھ لیں تو یقین ہے کہ وہ اس خطرے کا ادراک کر کے حکومت کے آگے بھرپور احتجاج کریں گے کہ کینجھر کو صاف ستھرا رکھنے کے اقدامات کرائے جائیں اور کچھ نہیں تو کوٹری اور بولھاڑی کے صنعتی علاقے میں ایک بڑا ٹریٹمنٹ پلانٹ نصب کرا کے، وہاں صنعتوں سے رسنے والا گندا پانی اور فضلہ ٹریٹ کروا کر پھر اس کا آگے اخراج کیا جائے۔ اس سے نقصان کی شدت کو کچھ کم کیا جا سکتا ہے۔









پرنٹر پبلشر عابد رضا راجہ نے روحانی آرٹ پریس سے چھپوا کر ماہنامہ کیپیٹل روٹس نمبر 4 فرسٹ فلور اویس شاپنگ سینٹر ڈبل روڈ PWD اسلام آباد سے جاری کیا۔ 05128101065

بقیہ 1

دے دیا۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ ملتان کی 9 تحصیلوں میں 169، ساہیوال کی 4 تحصیلوں کیلئے 87، بہاولپور کی 11 تحصیلوں میں 215 الیکٹروبسیں آئیں گی۔ ڈی جی خان کی 10 تحصیلوں میں 63، فیصل آباد کی 12 تحصیلوں میں 202 اور سرگودھا کی 14 تحصیلوں میں 198 الیکٹروبسیں چلیں گی۔ گوجرانوالہ کی 7 تحصیلوں میں 125 الیکٹروبسیں، گجرات کی 8 تحصیلوں میں 122، راولپنڈی کی 16 تحصیلوں میں 219 الیکٹرو بسیں چلیں گی۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ پنجاب بھر کے مختلف اضلاع میں 612 الیکٹروبسیں پوری طرح آپریشنل ہونے سے روزانہ لاکھوں شہری مستفید ہورہے ہیں۔ ملتان سمیت دیگر اضلاع میں مزید 192 الیکٹروبسیں چندروز میں فنکشنل ہوجائیں گی۔ سرگودھا، ساہیوال، فیصل آباد، لاہور، مظفرگڑھ، راولپنڈی، جھنگ، بہاولپور، رحیم یار خان اور اٹک کو مزید الیکٹروبسیں ملیں گی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ بھکر، حافظ آباد، خانیوال، چنیوٹ، لیہ، اوکاڑہ، سیالکوٹ، مری، گجرات اور شیخوپورہ میں بھی اضافی الیکٹروبسیں چلائی جائیں گی۔ منڈی بہاؤالدین، وہاڑی، قصور، لودھراں، ننکانہ صاحب، نارووال، گوجرانوالہ اور ملتان میں مزید بسیں فراہم کی جائیں گی۔ فیصل آباد اور گوجرانوالہ ماس ٹرانزٹ سسٹم پر پیش رفت تیزی سے جاری ہے۔ لاہور میٹروبس سروس کے 25 سٹیشن کی تعمیر و بحالی کے پراجیکٹ بھی زیر تکمیل ہیں۔

بقیہ 2

جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے ٹیلی فون پر رابطہ کیا، جس میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، بڑھتی ہوئی مہنگائی اور پٹرولیم لیوی کے خلاف جماعت اسلامی کی جانب سے جاری احتجاجی دھرنوں کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ گفتگو کے دوران امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے سینیٹر ایمل ولی خان کو پٹرولیم لیوی اور مہنگائی کے خلاف جماعت اسلامی کے احتجاجی دھرنوں میں شرکت کی دعوت دی، جسے سینیٹر ایمل ولی خان نے قبول کرتے ہوئے جماعت اسلامی کی اس عوامی کاوش کو سراہا۔ اس موقع پر سینیٹر ایمل ولی خان نے کہا کہ مہنگائی، پٹرولیم مصنوعات پر بڑھتے ہوئے ٹیکس اور پٹرولیم لیوی کا مسئلہ کسی ایک جماعت کا نہیں بلکہ پوری قوم کا مسئلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام پہلے ہی شدید معاشی مشکلات کا شکار ہیں اور حکومتی پالیسیوں نے عام آدمی کی زندگی کو مزید دشوار بنا دیا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی نیشنل پارٹی ہر اس جدوجہد میں اپنا کردار ادا کرے گی جو عوام کے معاشی حقوق کے تحفظ، مہنگائی کے خاتمے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے کی جائے۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ عوامی مسائل کے حل اور مہنگائی کے خلاف تمام جمہوری قوتوں کو مشترکہ آواز بلند کرنی چاہیے تاکہ حکومت پر عوام دوست پالیسیاں اختیار کرنے کے لیے دباؤ ڈالا جا سکے۔ عوامی نیشنل پارٹی نے ملک میں جاری مہنگائی کی لہر پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ حکومت فوری طور پر عوام کو ریلیف دینے کے لیے مؤثر اقدامات کرے۔

بقیہ 3

واپس پہنچ گئیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب صبح سویرے لاہور واپس پہنچیں، لندن میں مریم نواز نے بیٹی کی گریجویشن تقریب میں شرکت کی تھی۔ قبل ازیں پاکستان روانگی کے موقع پر لندن میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ مریم نواز نے کہا کہ صوبوں کے معاملے پر مسلم لیگ (ن) ایک پیج پر ہے، پارٹی میں کسی قسم کا اختلاف نہیں۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ مسلم لیگ (ن) کو توڑنے والے کئی آئے اور کئی چلے گئے، پارٹی اپنی جگہ موجود ہے۔ انہوں نے مسلم لیگ (ن) کے اندرونی معاملات اور صوبوں کے حوالے سے پارٹی موقف واضح کیا۔

بقیہ 4

صوبوں کا قیام اور بلدیاتی نظام ناگزیر ہے۔ بیرسٹر سیف نے اپنے بیان میں کہا کہ ریفرنڈم کے ذریعے عوامی رائے معلوم کی جانی چاہیے، اسمبلیاں اپنی ساکھ کھو چکیں، ان کی کوئی وقعت نہیں۔ نقوی کے ''عوام کی مرضی'' کے بیان نے نئے صوبوں پر آئینی سوالات اٹھا دیئے، یہ ریفرنڈم کا اشارہ ہے؟ قانہوں نے کہا ہے کہ ملک کے سیاسی نظام پر چند خاندانوں کا قبضہ ہے، سیاسی مافیا کو اپنے مفادات مقدم ہیں، عوام کی کوئی فکر نہیں۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ ایک طرف پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ ہورہا ہے اور دوسری طرف 6 ارب روپے کی بلٹ پروف گاڑیاں خریدی جارہی ہیں۔

بقیہ 5

احتجاج کے معاملے پر نظر ثانی نہیں کر سکتے۔ اپنے ایک بیان میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ کارکنوں کی پکڑ دھکڑ شروع کردی گئی ہے، ہم نے واضح کیا ہے کسی کارکن کے ہاتھ میں لاٹھی یا غلیل نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ صوبوں کے قیام کا مسئلہ سنجیدہ اور عوامی ہے، وزیر اعظم کو نئے چیف الیکشن کمشنر کی تعیناتی کیلئے اپوزیشن لیڈر سے بات کرنے میں پہل کرنی چاہیے۔

بقیہ 6

صوبے بنانے کا مطالبہ نہیں کرتی لیکن جہاں جہاں لوگ ایسا مطالبہ کرتے ہیں ہم ان کے مطالبے کی حمایت کرتے ہیں، اٹھارویں ترمیم میں صوبوں کو اختیارات تو مل گئے لیکن صوبوں سے نیچے مقامی حکومتوں کو مالی اور انتظامی اختیارات منتقل کرنے کے حوالے سے قانون سازی نہ کرنا ہماری غلطی تھی۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ معلوم نہیں کچھ وزراء کو کس بات کا گھمنڈ ہے کہ ہم صوبے بنالیں گے اور جو یہ کہا جارہا ہے کہ ریفرنڈم کرالیں گے، جو چیز آئین میں وضاحت کے ساتھ موجود ہے اس پر ریفرنڈم نہیں ہوسکتا۔ قمرزمان کائرہ نے کہا کہ سندھ کی گورننس اتنی خراب نہیں جتنی کہی جاتی ہے، صرف بعض میڈیا ہاؤسز روز کراچی کے ابلتے ہوئے گٹر دکھاتے ہیں، سندھ میں اگر گورننس ٹھیک نہیں تو وہاں کے عوام انہیں مسترد کردیں گے۔ انہوں نے کہا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری کی لندن میں مصروفیات معمول کے مطابق تھی، اس میں کوئی غیر معمولی بات نہیں۔ مریم نواز کے بیان کے بارے میں بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کو اپنے بیان میں لفظوں کا چناؤ مناسب رکھنا چاہیے۔ قمر زمان کائرہ نے کہا کہ آئین پاکستان کے مطابق نئے صوبوں کے مطالبے کی بات قومی اسمبلی یا سینیٹ نہیں صوبائی اسمبلی میں شروع ہوسکتی ہے۔ اگر کسی صوبے کے مقامی لوگ، وہاں کے قانون ساز، وہاں کی صوبائی اسمبلی اگر صوبے کا مطالبہ کرتی ہے تو پیپلز پارٹی اس کا ساتھ دے گی۔ انہوں نے کہا کہ 2012 میں جنوبی پنجاب اور بہاولپور صوبے کی قراردادیں شاید غیر موثر ہوچکی ہیں۔ 2012 میں یہ قرارداد منظور ہوئی، اس پر 14 سال گزر چکے ہیں، کئی حکومتیں آئیں اور گئیں، اگر ان پر عملدرآمد نہیں ہوا تو میری نظر میں ان قراردادوں کی افادیت نہیں رہی۔ قمر زمان کائرہ نے کہا کہ انہیں حیرانی ہے کہ محسن نقوی نے بیان کس طرح سے دے دیا۔ اس کا مطلب تو یہ ہے کہ صوبے اگرنہیں بھی چاہیں گے تو نئے صوبے بن جائیں گے۔ سیاسی جماعتیں نہیں چاہیں گی تو صوبے کیسے بنیں گے، یہ باتیں ان کو سمجھنی چاہئیں لیکن معلوم نہیں وہ کس گھمنڈ میں یہ باتیں کررہے ہیں۔ ہمارے ملک میں صوبے بنانے اور توڑنے کا عمل ملک توڑنے کا باعث بن چکا ہے۔ اس ملک میں چٹکی بجا کر ون یونٹ بنا دیا گیا اور جب توڑا گیا تو پھر توڑتے ہوئے دیر نہیں لگائی گئی، ان چیزوں کا خیال نہیں رکھا گیا جو ریاست کے اندر دراڑیں بڑھا دیتی ہیں

بقیہ 7

سے منسلک واٹس ایپ اکائنٹس غیر قانونی سرگرمیوں میں استعمال ہوتے ہیں۔ غیر فعال سمز سے منسلک بعض واٹس ایپ اکاؤنٹس فراڈ اور دیگر غیر قانونی سرگرمیوں کیلیا استعمال ہوتے ہیں، واٹس ایپ پر موبائل نمبر بروقت تبدیل کرنے سے صارفین اپنے اکائنٹس پر کنٹرول برقرار رکھ سکیں گے۔ بیان کے مطابق غیر فعال سمز سے منسلک واٹس ایپ اکاؤنٹس بلاک کرنے کی کارروائی کسی بھی وقت شروع ہوسکتی ہے، صارفین اپنے واٹس ایپ اکاؤنٹس کو موجودہ اور فعال موبائل نمبرز کے ساتھ منسلک کریں، موبائل نمبر تبدیل کرنے والے صارفین واٹس ایپ کا نمبر تبدیل کرنے کا آپشن فوری استعمال کریں۔

بقیہ 8

کرتے ہوئے انکم ٹیکس قوانین میں اہم ترامیم جاری کردی ہیں۔ ایف بی آر کے مطابق نئے قوانین کے تحت 50 کروڑ روپے سے زائد آمدن والے ایسے ایکسپورٹرز کو سپر ٹیکس میں رعایت دی گئی ہے جن کی ایکسپورٹ پروسیڈز کل ٹرن اوور کے 80 فیصد سے زائد ہوں گی، ایسے ایکسپورٹرز سپر ٹیکس سے مستثنیٰ ہوں گے اسی طرح جبکہ 50 کروڑ روپے سے زائد آمدن پر سپر ٹیکس کی شرح 10 فیصد سے کم کرکے 8 فیصد کردی گئی ہے۔ حکام کے مطابق بعض کیسز میں اکائنٹس کا دوبارہ آڈٹ کرانے کا اختیار بھی دے دیا گیا ہے، تاہم اس کے لیے چیف کمشنر کی پیشگی منظوری لازمی ہوگی۔ دوسری جانب ضرورت پڑنے پر انوینٹری کی دوبارہ ویلیوایشن اور ایکچوئریل ویلیوز کے دوبارہ تعین کی بھی اجازت ہوگی، ٹیکس دہندگان کو مخصوص آڈیٹر کی تقرری پر اعتراض کا حق بھی حاصل ہوگا۔ مزید برآں ایف بی آر نے ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ میں شامل نہ ہونے والوں پر سرچارج میں بھی اضافہ کیا ہے، جائیداد خریدنے سے متعلق تحریری یقین دہانی دینے پر سرچارج سے استثنیٰ حاصل کیا جاسکے گا تاہم اس کے لیے چھ ماہ کے اندر جائیداد خریدنے کی یقین دہانی دینا ہوگی۔

بقیہ 9

خاران میں سڑک بلاک کرکے ٹریفک معطل کرنے کی کوشش کی، جس پر سیکیورٹی فورسز نے فوری کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کا گھیرا ؤ کیا، فائرنگ کے تبادلے میں 8 بھارتی سرپرستی یافتہ دہشت گرد ہلاک کردیئے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 7 ستمبر کو واشک کے علاقے میں دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر ایک اور انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا۔ کارروائی کے دوران سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کی پناہ گاہ کو موثر انداز میں تباہ کردیا جبکہ فائرنگ کے تبادلے کے بعد مزید 3 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کارروائیوں کے دوران سیکیورٹی فورسز نے 9.2 ٹن دھماکا خیز مواد بھی برآمد کیا، جو دیسی ساختہ بم (آئی ای ڈی) بنانے میں استعمال کیا جارہا تھا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں موجود دیگر دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔

بقیہ 10

ہے۔ انہوں نے کہا کہ وطن کے امن کے لیے سیکیورٹی فورسز کی لازوال قربانیاں پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں اور قوم بلوچستان کی سرزمین کو شرپسندوں سے پاک کرنے کے لیے بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ حنیف عباسی نے کہا کہ دہشت گرد عناصر اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، جب تک دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ نہیں ہوجاتا ریاستی اداروں اور قوم کا پختہ عزم برقرار رہے گا۔

بقیہ 11

عبدالعاطی سے ٹیلیفون پر گفتگو کی جس دوران دو طرفہ تعلقات اور علاقائی صورتِ حال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے پاکستان اور مصر کے درمیان قریبی اور برادرانہ تعلقات کا اعادہ کیا اور علاقائی امور پر قریبی مشاورت جاری رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ اسحاق ڈار اور بدر عبدالعاطی نے علاقائی امور پر سعودی عرب اور ترکیہ کے ساتھ آرفور وزرائے خارجہ کے ذریعے بھی مشاورت پر اتفاق کیا۔ پاکستانی اور مصری وزرائے خارجہ نے آئندہ یو این جنرل اسمبلی اجلاس کے موقع پر ملاقات پر بھی اتفاق کیا۔

بقیہ 12

کی گئی ہے۔ وزیر اعلیٰ کے پی کے سہیل آفریدی کا دورہ پنجاب بھی احتجاج کی تیاریوں کی وجہ سے ملتوی کر دیا گیا۔ سنٹرل پنجاب کے دس اضلاع کے ارکانِ اسمبلی اور کارکنان لاہور میں اکٹھا ہوں گے۔ سینٹرل پنجاب کے کارکنان لاہور میں احتجاج کریں گے یا اسلام آباد بلایا جائے گا فیصلہ صورتحال کے مطابق کیا جائے گا۔ پنجاب کے دیگر اضلاع کے ارکان اور کارکنان کے پی کے میں پہنچیں گے۔ ذرائع پی ٹی آئی کے مطابق اسلام آباد احتجاج کے لئے ارکان اسمبلی کو کارکنوں کو بھی متحرک کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ جنوبی پنجاب کے تمام ارکان اسمبلی کارکنان کے ہمراہ ایک روز قبل پشاور پہنچیں گے۔ پی ٹی آئی کا الزام ہے کہ سینٹرل پنجاب کی تیاریاں جاری ہیں، کارکنوں اور رہنماؤں کے گھروں پر پولیس چھاپے مار رہی ہے۔

بقیہ 13

اور ایس ایم ایز کے شعبوں کی ترقی کیلئے فنانسنگ پر پیشرفت کے حوالے سے جاری اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بینک اور مالیاتی ادارے کسانوں، ایس ایم ایز اور ہاؤسنگ سیکٹر کو قرضوں کی فراہمی میں اپنا کردار ادا کریں۔ شہباز شریف نے کہا کہ جو بینک قرضوں کی فراہمی میں بھرپور کردار ادا کریں گے، حکومت ان کی حوصلہ افزائی کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ زرعی شعبہ ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے جس کے فروغ کے لئے کام کرنا قومی ذمہ داری ہے۔ وزیر اعظم نے کسانوں کو بلا رکاوٹ اور آسان شرائط پر مالی وسائل تک رسائی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ کم آمدن اور متوسط طبقات کے لئے سستی ہاؤسنگ کی فراہمی ہماری ترجیح ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ صوبائی چیف سیکریٹریز ایسے املاک کا جامع سروے کرائیں جس کیلئے بینک اپنے گھر کے خواہشمند افراد کو ''وزیر اعظم اپنا گھر اسکیم'' کے تحت قرضہ مہیا کر سکیں۔ اجلاس کو ہاؤسنگ، زراعت اور ایس ایم ایز کے شعبوں کی فنانسنگ کے حوالے سے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ بتایا گیا کہ وزیر اعظم اپنا گھر اسکیم کے حوالے سے اب تک 504,147 درخواستیں موصول ہوئیں جن میں سے 127,53 درخواستیں منظور ہو چکی ہیں۔ بتایا گیا کہ وزیر اعظم اپنا گھر اسکیم کے تحت منظور شدہ درخواستوں کی کل مالیت 42.313 بلین روپے ہے، جبکہ 739,8 درخواست گزاروں کو 43.45 بلین قرضے فراہم کئے جا چکے ہیں۔ بتایا گیا کہ ملک بھر میں مورگیج کی شرائط پوری کرنے والے پلاٹس کی نشاندہی کے لئے نظام تیار کیا جارہا ہے جس کا پائلٹ اسلام آباد سے ہوگا۔ بتایا گیا کہ اپنا گھر اسکیم کو مزید مربوط بنانے کے لیے معروف ہاؤس ڈویلپرز کو اس عمل میں شامل کرنے کے لیے ایک مؤثر طریقہ کار وضع کیا جائے گا۔ بتایا گیا کہ زرعی شعبے کے لئے بینکوں کی جانب سے قرضے کا حجم اگست 2026 میں 1.268 ٹریلین روپے رہا جبکہ ایکسیس ٹو فنانس پلان 2026-2028 کے تحت جون 2028 تک 2 ٹریلین روپے کا حدف مقرر کیا گیا ہے۔ زرخیزی (Zarkhez-e) ایپ کے ذریعے آسان قرضے کے لئے 838,35 درخواستیں موصول ہوئیں، جس کے لئے 35.7 بلین روپے منظور ہوئے جس میں سے 96.1 بلین روپے کے قرضے جاری کئے جا چکے ہیں۔ بتایا گیا کہ اگست 2026 تک بینکوں کی جانب سے ایس ایم ای کے شعبے کو قرضوں کا حجم 1.067 ٹریلین روپے رہا، جبکہ ایکسیس ٹو فنانس پلان 2026-2028 کے تحت جون 2028 تک ان قرضوں کا حدف 2 ٹریلین روپے رکھا گیا ہے، سمیڈا نے گزشتہ تین ماہ میں 1096 ایس ایم ایز کو فائنانشل لیٹریسی کی تربیت دی۔ اجلاس میں نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزا احد خان چیمہ، رانا تنویر حسین، محمد اورنگزیب، ریاض حسین پیرزادہ، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی، مشیر وزیر اعظم ہارون اختر خان، گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد، چاروں صوبوں اور آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان کے چیف سیکرٹریز، IBRD کی کنٹری ڈائریکٹر بولورما امگا بزر، پاکستانی بینکوں کے صدور اور سی ای اوز، اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 14

جارحیت کو تینوں کے خلاف جارحیت تصور کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان معاہدے کے تحت اپنی ذمہ داریوں سے پیچھے نہیں ہٹے گا اور سعودی عرب کی سلامتی سے متعلق پاکستان کا مؤقف واضح ہے۔ واضح رہے کہ یمنی حوثیوں نے سعودی عرب کے شہروں ابہا، خمیس، مشیط، نجران اور جازان میں حملے کیے جس دوران شہری اور اقتصادی تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا جبکہ حملوں میں 73 افراد زخمی ہوئے جن میں بچے اور خواتین بھی شامل ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے سعودی عرب میں حوثیوں کے حملوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس طرح کے حملے نہ صرف بے گناہ انسانی جانوں کیلئے خطرہ ہیں بلکہ علاقائی امن وسلامتی کو بھی متاثر کرتے ہیں

بقیہ 15

کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ چیئرمین نے ای انوائس، الیکٹرانک مانیٹرنگ اور ڈیجیٹل ٹیکس نظام کے موثر نفاذ پر رپورٹ طلب کرتے ہوئے کہا کہ ٹیکس اہداف کے حصول کیلئے ڈیجیٹل مانیٹرنگ اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ریونیو اہداف کے حصول کے ساتھ ٹیکس دہندگان کا اعتماد اولین ترجیح ہے۔ ڈیجیٹلائزیشن، موثر انفورسمنٹ اور ٹیکس بیس میں توسیع ہی پائیدار ریونیو گروتھ کی بنیاد ہے۔ زیر التواء شکایات کی باقاعدگی سے مانیٹرنگ اور فیڈ بیک حاصل کرنے کا نظام مزید موثر بنایا جائے گا۔ معظم اقبال سپرا ٹیکس دہندگان کو دفاتر کے چکروں سے بچانے کیلئے ڈیجیٹل اور آن لائن سہولیات کی سو فیصد فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔

بقیہ 16

168 میں ضمنی انتخاب کے لیے پولنگ 27 ستمبر کو ہوگی۔ این اے 168 کی نشست مسلم لیگ ن کے رکن قومی اسمبلی ملک محمد اقبال کی وفات کے باعث خالی ہوئی تھی۔

بقیہ 17

سہولتوں پر اطمینان کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے ڈسپیوٹ ریزولوشن کمیٹی کے ارکان سے بھی ملاقات کی اور کمیٹی کے کردار کو سراہا، انہیں تھانے کی اپ گریڈیشن کے حوالے سے بریفنگ بھی دی گئی۔ محسن نقوی نے کہا کہ منصوبے کا مقصد عوام کو جدید، باوقار اور عوام دوست پولیسنگ کا ماحول فراہم کرنا ہے، سائلین کی دادرسی کے لیے کوئی کسر اٹھانہ رکھی جائے اور سائل کی درخواست پر ہر صورت کارروائی یقینی بنائی جائے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے ہدایت کی کہ کسی شہری کو ایف آئی آر کے اندراج میں بلاوجہ تاخیر یا مشکلات کا سامنا نہیں ہونا چاہیے، جبکہ تھانوں میں آنے والے شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی اور ذمہ دارانہ رویہ اپنایا جائے۔

بقیہ 18

فصل سے حاصل کرنا لازمی ہوگا، جبکہ اسے عالمی منڈی میں کسی بھی ذریعے سے خریدا جاسکے گا۔ درآمد شدہ گندم کو صوبوں کی ضروریات کے مطابق تقسیم کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق مجموعی طور پر درآمد کی جانے والی ساڑھے 7 لاکھ میٹرک ٹن گندم میں سے سندھ کو 3 لاکھ ٹن، پنجاب کو 2 لاکھ 50 ہزار ٹن جبکہ خیبر پختونخوا کو 2 لاکھ ٹن فراہم کی جائے گی۔ حکام کے مطابق پاکستان میں گندم کی سالانہ کھپت تقریباً 3 کروڑ 13 لاکھ ٹن ہے، جبکہ رواں سال گندم کی پیداوار تقریباً 2 کروڑ 96 لاکھ ٹن رہنے کا تخمینہ ہے، جس کے باعث ملکی پیداوار اور مجموعی ضرورت کے درمیان نمایاں فرق موجود ہے۔ حکام نے کہا کہ گندم کی درآمد کا مقصد ملک میں غذائی تحفظ یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ دستیاب ذخائر اور طلب کے درمیان توازن برقرار رکھنا ہے۔ گندم کی رسد میں کمی کی صورت میں آٹے کی قیمتوں میں مزید اضافے کا خدشہ پیدا ہوسکتا ہے، اس لیے حکومت نے بروقت درآمد کا فیصلہ کیا ہے۔ سندھ کیلئے 3 لاکھ ٹن گندم کی فراہمی کو صوبے میں آٹے اور گندم کی طلب پوری کرنے کے حوالے سے اہم قرار دیا جارہا ہے۔

بقیہ 19

کے زیر اہتمام سیلاب متاثرین میں نئے تعمیر شدہ گھروں کی چابیاں تقسیم کرنے کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ روزانہ کی بنیاد پر پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے عوام کا جینا دوبھر کردیا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ اس وقت غریب اور پسہ ہوا طبقہ مہنگائی کی وجہ سے سب سے زیادہ متاثر ہورہا ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ دو برس قبل یہ سسٹم نہ چلتا تو ملک ڈیفالٹ ہوجاتا۔ نئے صوبوں کی تقسیم کے حوالے سے گورنر پنجاب نے کہا کہ ملک اس وقت زبردستی کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ اُنہوں نے کہا کہ اتفاق رائے کے بغیر کوئی بھی فیصلہ کرنا ممکن نہیں۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ن لیگ کا صرف ملک چلانے کے لیے ساتھ دے رہی ہے۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے مزید کہا کہ چیئرمین ہلال احمر پنجاب میاں محمد حنیف کی سرپرستی میں ہلال احمر انسانیت کی بھلائی کے لئے گراں قدر خدمات سرانجام دی رہی ہے۔ اُنہوں نے کہا یہ بڑی خوش آئند بات ہے کہ آج کی اس تقریب میں سیلاب متاثرین میں 26 نئے گھروں کی چابیاں تقسیم کی جارہی ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ ان گھروں کی تعمیر پر تقریبا چار کروڑ روپے کی لاگت آئی ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ پیپلز پارٹی وہ واحد جماعت ہے جس کا منشور روٹی، کپڑا اور مکان ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے پورے پاکستان کے سیلاب متاثرین کو نئے گھر تعمیر کرکے دیئے ہیں۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ یہ لحہ فکریہ ہے کہ عوام کا چولہا ٹھنڈا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی لوگوں کو سرکاری نوکریاں دیتی ہے جبکہ باقی پارٹیاں نوکریوں سے نکالتی ہیں۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ غریب لوگوں کو نوکریوں سے نکالنے کے بجائے بھاری تنخواہیں لینے والوں کو فارغ کیا جائے۔ اُنہوں نے کہا کہ غریب کا درد جو پیپلز پارٹی محسوس کرتی ہے وہ اور کوئی سیاسی جماعت محسوس نہیں کرتی۔ گورنر پنجاب نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بھٹو کے وارث بلاول بھٹو کو عوامی مینڈیٹ سے اس ملک کا وزیر اعظم بنانا ہے۔ اس موقع پر چیئرمین ہلال احمر پنجاب میاں محمد حنیف نے کہا کہ ہلال احمر پورے پاکستان میں فلاحی کاموں میں پیش پیش ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ مجھے فخر ہے کہ سردار سلیم حیدر خان ہلال احمر کے صدر ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ سردار سلیم حیدر خان ہر وقت دُکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف رہتے ہیں۔ تقریب میں چیئرمین ہلال احمر پنجاب میاں محمد حنیف، جنرل سیکرٹری پیپلز پارٹی وسطی پنجاب حسن مرتضی اور چنیوٹ کے عوام کی کثیر تعداد موجود تھی۔

بقیہ 20

کے روبرو پیش ہوئے۔ دوران سماعت چوہدری پرویز الٰہی کی ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست پیش کی گئی جس میں موقف اپنایا گیا کہ پرویز الٰہی کی طبیعت ناساز ہے، ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست منظور کی جائے۔ عدالت نے درخواست منظور کرتے ہوئے مزید سماعت 7 اکتوبر تک ملتوی کرکے ملزمان کو فرد جرم عائد کرنے کیلئے طلب کرلیا۔

بقیہ 21

عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے کیس کی سماعت کی۔ عدالت نے سہیل آفریدی، جنید اکبر اور دیگر کے وارنٹِ گرفتاری برقرار رکھتے ہوئے پیش نہ ہونے والے ملزمان کے وارنٹِ گرفتاری جاری کردیئے۔ عدالت نے ملزمان کی جانب سے دائر حاضری سے استثنیٰ کی درخواستیں بھی مسترد کردیں جبکہ وزیر اعلیٰ کے پی سہیل آفریدی اور دیگر کو اشتہاری قرار دینے کی کارروائی جاری رکھنے کا فیصلہ کیا۔ عدالت نے پولیس کو سہیل آفریدی اور دیگر ملزمان کا چالان جلد پیش کرنے کی بھی ہدایت کردی، بعد ازاں کیس کی سماعت 30 ستمبر تک ملتوی کردی۔ واضح رہے کہ وزیر اعلیٰ کے پی سہیل آفریدی اور دیگر کے خلاف مقدمہ تھانہ مارگلہ میں

بقیہ 22

کی بنیاد پر نہیں لیا گیا بلکہ یہ بھی دیکھا گیا کہ متعلقہ شہران خطرات سے نمٹنے کے لیے کس حد تک تیار ہیں۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان کا حیدرآباد 41 کے سکور کے ساتھ موسمیاتی خطرات سے دو چار شہروں کی فہرست میں پہلے نمبر پر ہے، جبکہ بھارت کا احمد آباد بھی 41 کے سکور کے ساتھ فہرست میں شامل ہے۔ پاکستان کا ملتان 38 کے سکور کے ساتھ تیسرے، لاہور 35 کے سکور کے ساتھ پانچویں، فیصل آباد 34 کے سکور کے ساتھ ساتویں اور کراچی 32 کے سکور کے ساتھ آٹھویں نمبر پر ہے۔ تحقیق کے مطابق زیادہ سکور کا مطلب زیادہ باقی ماندہ موسمیاتی خطرہ ہے، جس کے تحت پاکستان کے مذکورہ پانچوں شہر موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کے حوالے سے نمایاں خطرات کا سامنا کررہے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ جنوبی ایشیا کے کئی بڑے شہر شدید گرمی، مون سون کی غیر معمولی بارشوں، شہری اور اندرونِ ملک سیلاب سمیت مختلف موسمیاتی خطرات کی زد میں ہیں، تاہم ان خطرات سے نمٹنے کے لیے بنیادی ڈھانچے اور موافقت کے اقدامات کئی مقامات پر ناکافی ہیں۔ تحقیق کے دوران شہروں کو شدید گرمی، خشک سالی، اندرونِ ملک اور ساحلی سیلاب، جنگلات کی آگ اور سمندری طوفان کی تیز ہواؤں سمیت مختلف خطرات کی بنیاد پر جانچا گیا۔ اس کے علاوہ ابتدائی انتباہی نظام، حکومتی اقدامات، پالیسی ردعمل، سیلاب سے بچاؤ کے بند، پانی ذخیرہ کرنے اور نکاسی آب کے نظام سمیت بنیادی ڈھانچے کا بھی جائزہ لیا گیا۔ رپورٹ کے نتائج کے مطابق پاکستان کے بڑے شہروں کو موسمیاتی تبدیلی کے باعث شدید گرمی، بارشوں، سیلاب اور پانی سے متعلق مسائل کے بڑھتے ہوئے خطرات کا سامنا ہے۔ ماہرین کے مطابق آبادی میں تیزی سے اضافے، شہری پھیلاؤ اور بنیادی سہولتوں پر بڑھتے دباؤ کے باعث مستقبل میں ان خطرات کے اثرات مزید نمایاں ہوسکتے ہیں۔ تحقیق میں اس امر کی نشاندہی بھی کی گئی ہے کہ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کو مکمل طور پر ختم کرنا ممکن نہیں تاہم مضبوط بنیادی ڈھانچے، بہتر شہری منصوبہ بندی، مؤثر نکاسی آب، بروقت انتباہی نظام اور حکومتی سطح پر مؤثر پالیسی اقدامات کے ذریعے نقصانات میں نمایاں کمی لائی جاسکتی ہے۔ دوسری جانب رپورٹ میں امریکا کے شہر شکاگو کو 8 کے سکور کے ساتھ دنیا کا موسمیاتی اعتبار سے سب سے بہتر تیار شہر قرار دیا گیا ہے۔ اس کے بعد ایتھوپیا کا ادیس ابابا، آسٹریلیا کا میلبورن، اسپین کا بارسلونا، ترکیہ کا انقرہ اور ارجنٹائن کا بیونس آئرس شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق شکاگو کو نسبتاً معتدل موسم، میٹھے پانی تک بہتر رسائی اور سمندری طوفان کے کم خطرے کا فائدہ حاصل ہے، جبکہ شہر نے سیلاب سے نمٹنے کے لیے بنیادی ڈھانچے میں طویل عرصے سے سرمایہ کاری کر رکھی ہے، جس میں زیرِ زمین سرنگوں اور پانی ذخیرہ کرنے کے بڑے نظام بھی شامل ہیں۔

بقیہ 23

گیا، ملزم کی جانب سے اسلحہ کی نمائش سے متعلق متعدد ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھیں۔ پولیس ترجمان کے مطابق گرفتار ملزم کے قبضے سے 2 غیر قانونی پستول اور گولیاں برآمد ہوئی ہیں، پولیس نے ملزم احمد اسلم کے خلاف مقدمہ درج کرکے مزید تفتیش کے لئے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کردیا ہے۔

بقیہ 24

روڈ کو بند روڈ اور بابو صابو سے منسلک کرے گا۔ منصوبے کے تحت کھاڑک نالہ سے بابو صابو اور بند روڈ تک نئی سڑک تعمیر کرنے کی تجویز دی گئی ہے جبکہ نئے روٹ پر دو رویہ سڑک تعمیر کرنے کی بھی منصوبہ بندی کی جارہی ہے۔ ایل ڈی اے نے نئے داخلی و خارجی راستے کا تفصیلی اور جامع پلان تیار کرنا شروع کردیا ہے۔ منصوبے کے لیے سرکاری اور نجی اراضی ایکوائر کرنے کی بھی منصوبہ بندی کی جارہی ہے۔ نئے راستے کی تعمیر سے ملتان روڈ سے آنے والی ٹریفک کو شہر میں داخل ہوئے بغیر لاہور سے باہر جانے کے لیے براہِ راست متبادل راستہ میسر آسکے گا جبکہ ملتان روڈ کی ٹریفک کو موٹروے تک رسائی بھی آسان بنانے کا منصوبہ ہے۔ تجویز کردہ نیا روٹ ٹھوکر نیاز بیگ، فیروزپور روڈ، کاہنہ اور راوی پل کے بعد لاہور کا ایک نیا بڑا داخلی و خارجی راستہ بن سکے گا۔ حکام کے مطابق منصوبے کا مقصد شہر کے موجودہ داخلی راستوں پر ٹریفک کا بوجھ کم کرنا اور لاہور میں ٹریفک مینجمنٹ کو بہتر بنانا ہے۔ بابو صابو، بند روڈ اور ملتان روڈ کو باہم منسلک کرنے والے اس نئے روٹ سے شہر میں داخلے اور لاہور سے باہر نکلنے کے لیے شہریوں کو ایک اضافی اور نسبتاً مختصر راستہ دستیاب ہوگا۔

بقیہ 25

نے نیب کی جانب سے معاملہ ایف آئی اے کو منتقل کرنے کے مؤقف پر اعتراض کرتے ہوئے کہا کہ نیب نے 7 مئی 2026 کو ہونے والے ایگزیکٹو بورڈ کے اجلاس میں کیس ایف آئی اے کو بھیجنے کی منظوری دی، جبکہ نیب نے دائرہ اختیار نہ ہونے کی بنیاد پر معاملہ ایف آئی اے کو ریفر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ درخواست گزاروں کا مؤقف تھا کہ نیب نے توہین عدالت کی درخواست میں اٹھائے گئے الزامات کا براہ راست جواب نہیں دیا۔ نیب نے مخصوص الزامات کا جواب دینے کے بجائے دوبارہ دائرہ اختیار کا معاملہ اٹھایا، حالانکہ موجودہ معاملہ توہین عدالت کی کارروائی سے متعلق ہے، مرکزی کیس کی کارروائی نہیں۔ درخواست گزاروں نے عدالت میں مؤقف اختیار کیا کہ نیب کو توہین عدالت کی درخواست میں اٹھائے گئے الزامات کا براہ راست جواب دینا چاہیے تھا، تاہم نیب کی جانب سے جمع کرائی گئی پراگریس رپورٹ میں ان اعتراضات اور الزامات کا واضح جواب نہیں دیا گیا۔ وکیل درخواست گزار نے عدالت کو بتایا کہ ایک ہزار سے زائد شہریوں کے ساتھ انویسٹمنٹ کے نام پر 15 ارب روپے سے زائد کا مبینہ فراڈ کیا گیا۔ ان کے مطابق نیب کی جانب سے معاملے کی باضابطہ تحقیقات نہیں کی گئیں اور متاثرین کے بیانات ریکارڈ کیے بغیر ہی تحقیقات مکمل کرلی گئیں۔ درخواست گزاروں کا مزید کہنا تھا کہ شہریوں سے فراڈ کے اس معاملے پر نیب اس سے قبل بھی پانچ مرتبہ ریفرنس دائر کرچکا ہے، جبکہ ملزمان کی جانب سے شہریوں کے ساتھ مبینہ فراڈ کا سلسلہ اب بھی جاری ہے۔ وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ نیب نے تحقیقات مکمل کرنے کے بعد یہ قرار دیا کہ معاملے میں ریفرنس نہیں بنتا، جس پر درخواست گزاروں نے نیب کی جانب سے پراگریس رپورٹ جمع کرانے کے اقدام پر بھی اعتراض اٹھایا۔ دوسری جانب نیب نے اپنی رپورٹ میں مؤقف اختیار کیا ہے کہ متعلقہ معاملہ نیب قوانین کے مطابق اس کے دائرہ اختیار میں نہیں آتا، اسی بنیاد پر کیس ایف آئی اے کو ریفر کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ درخواست گزاروں نے عدالت سے استدعا کی کہ نیب کی پراگریس رپورٹ پر ان کے اعتراضات کو مدنظر رکھتے ہوئے توہین عدالت کی درخواست میں اٹھائے گئے الزامات کا براہ راست جواب طلب کیا جائے اور معاملے میں قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔

بقیہ 26

قبل اکیڈمی کے ٹیچر سے پسند کی شادی کی لیکن ملزم اکرم پہلے سے شادی شدہ تھا، اکرم نے لڑکی کو والدین کے گھر کے قریب فلیٹ کرائے پر لے کر دیا۔ والد کے مطابق ارشم اور اکرم کے درمیان جھگڑا رہتا تھا، اکرم اور اس کی پہلی بیوی ارشم کو پریشان کرتے تھے۔ شوہر اکرم نے ہی میری بیٹی کو قتل کیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ معاملے کی تفتیش شروع کر دی گئی ہے، حالات اور واقعات خودکشی کی نشاندہی کرتے تھے تاہم معاملے کی جامع تفتیش کرکے حقائق سامنے لائے جائیں گے۔ ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق اسلام پورہ میں خاتون ارشم مقصود کی 4 ستمبر کو فلیٹ سے پھندا لگی لاش برآمد ہوئی اور ابتدائی طور پر واقعہ خودکشی کا معلوم ہوا، جس پر پولیس نے تمام پہلوؤں سے تحقیقات شروع کیں۔ پولیس نے مقتولہ کے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کرکے تفتیش کا آغاز کیا۔ پولیس نے نامزد ملزم اکرم سمیت دو افراد کو حراست میں لے لیا، پولیس نے واقعے کی تفتیش کا دائرہ کار وسیع کر دیا اور مختلف پہلوؤں سے تفتیش جاری ہے۔ زیر حراست افراد کے واقعے میں ممکنہ کردار کا تعین شواہد کی روشنی میں کیا جارہا ہے۔ ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق مقتولہ کی پوسٹ مارٹم رپورٹ پولیس کو موصول ہوگئی، جسے تفتیش کا حصہ بنا لیا گیا۔ پوسٹ مارٹم رپورٹ، موقع سے ملنے والے شواہد اور دیگر حقائق کی روشنی میں تحقیقات آگے بڑھائی جا رہی ہیں۔ ترجمان کے مطابق خاتون کی موت خودکشی تھی یا کسی اور پہلو کا شاخسانہ، پولیس مختلف زاویوں سے جانچ کر رہی ہے، تمام پہلوؤں کی مکمل چھان بین اور شواہد کی روشنی میں حتمی نتیجے تک پہنچا جائے گا۔

بقیہ 27

کے مطابق گوشواروں کی تفصیلات جمع کرانے تک یہ سابق ارکان قومی اسمبلی نااہل ہیں۔ الیکشن کمیشن کے مطابق تینوں ارکان عام انتخابات، ضمنی الیکشن، سینیٹ اور مقامی حکومت کے انتخابات لڑنے کے لیے نااہل ہیں۔

بقیہ 28

ہوں، وطن کے امن کے لیے سکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات پوری قوم کیلئے باعث فخر ہیں، پاکستان دشمن عناصر سن لیں، قوم دہشت گردی کے خلاف متحد اور پرعزم ہے۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ ملک کے امن، سلامتی اور خودمختاری کے خلاف ہر سازش ناکام بنائی جائے گی، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک ہماری جدوجہد جاری رہے گی، سکیورٹی فورسز اور پوری قوم دہشت گردی کے خلاف یکجا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے امن کو نقصان پہنچانے والے عناصر اپنے مذموم عزائم میں ناکام ہوں گے اور پاکستان ہمیشہ سربلند رہے گا۔

بقیہ 29

انڈسٹریز کے زیر اہتمام پاکستان ویمن لیڈرشپ اینڈ پالیسی سمٹ 2026 سے خطاب کرتے ہوئے قائم مقام صدر نے اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور تمام شراکت داروں کو اس اہم فورم کے انعقاد پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سمٹ دو ناگزیر قومی ترجیحات، خواتین کی قیادت اور موثر عوامی پالیسی کو یکجا کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی بھرپور معاشی صلاحیت بروئے کار لانے کیلئے یہ یقینی بنانا ہوگا کہ خواتین صرف ترقی سے مستفید ہونے والی نہ ہوں بلکہ کاروباری شخصیات، پیشہ ور افراد، پالیسی سازوں، جدت کاروں اور قائدین کی حیثیت سے اس کی فعال محرک بھی ہوں، کسی بھی پس منظر یا علاقے سے تعلق رکھنے والی خاتون کو تعلیم، مالی وسائل، ٹیکنالوجی، منڈیوں اور فیصلہ سازی تک مساوی رسائی حاصل ہو۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے مالی معاونت براہ راست خواتین کے ہاتھوں میں پہنچانے سے گھروں کے اندر معاشی فیصلہ سازوں کے طور پر ان کے کردار کو تقویت ملی، یہ باوقار معاونت اور انحصار سے بااختیاری کی جانب تبدیلی کی نمائندگی کرتی ہے۔ انہوں نے خواتین کی مساوی شرکت، تحفظ اور قیادت کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ خواتین کو بااختیار بنانا کوئی محدود سماجی فکر مندی نہیں بلکہ یہ قومی ترقی کے لیے مرکزی حیثیت رکھتی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ مالی وسائل تک رسائی، ڈیجیٹل شمولیت، خواتین کی زیر قیادت کاروبار، محفوظ کام کی جگہوں، قیادت کی ترقی، رہنمائی اور مضبوط مارکیٹ روابط پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے ایک عملی ایجنڈے کو آگے بڑھانے میں سب کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ قائم مقام صدر نے کہا کہ ہمیں مل کر ایسا ماحول تشکیل دینا ہوگا جہاں کسی خاتون کے پاس کوئی کاروباری آئیڈیا ہو تو وہ اس کیلئے مالی معاونت حاصل کر سکے، ایک خاتون کاروباری شخصیت مارکیٹ تک رسائی حاصل کر سکے، اپنی قابلیت اور میرٹ کی بنیاد پر آگے بڑھ سکے اور صنف کی بنیاد پر عائد رکاوٹوں کے بغیر مستقبل میں قیادت کا خواب دیکھ سکے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ ہمیں ان خواتین کی طاقتور مثالیں فراہم کرتی ہے جنہوں نے رکاوٹیں توڑیں اور ملک کے قومی سفر کو تشکیل دینے میں اپنا کردار ادا کیا۔ سید یوسف رضا گیلانی نے محترمہ فاطمہ جناح، بیگم رعنا لیاقت علی خان، بیگم شائستہ اکرام اللہ اور سابق وزیر اعظم شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کا ذکر کرتے ہوئے انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین ہماری قومی ترقی میں ہمیشہ کلیدی حیثیت رکھتی رہی ہیں۔ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کو اس سفر میں ایک خاص تاریخی مقام حاصل ہے کیونکہ وہ مسلم اکثریتی ملک کی قیادت کرنے والی پہلی خاتون تھیں۔ قائم مقام صدر نے کہا کہ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو نے ایسی رکاوٹیں توڑیں جن پر قابو پانا طویل عرصے تک ناممکن دکھائی دیتا تھا، ان کی میراث آج بھی خواتین کو عوامی زندگی میں آنے، اداروں کی قیادت کرنے اور قومی فیصلہ سازی میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے تحریک دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مشترکہ مقصد ایسے نظام تشکیل دینا ہونا چاہیے جو رکاوٹیں دور کرکے اور مساوی مواقع یقینی بنا کر خواتین کو کامیاب ہونے کے قابل بنائیں۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ ہمیں ایسی معیشت تشکیل دینا ہوگی جہاں خواتین اعتماد کے ساتھ کاروبار قائم کرسکیں، ایسی کام کی جگہیں جہاں وہ وقار کے ساتھ اپنا کردار ادا کرسکیں، ایسے ادارے جہاں وہ اختیار کے ساتھ قیادت کرسکیں اور ایسی جمہوریت جہاں خواتین کی شرکت محض علامتی نہ ہو بلکہ اس کا لازمی حصہ ہو۔ انہوں نے مالیاتی اداروں پر زور دیا کہ وہ خواتین کے لیے سرمایہ تک رسائی آسان بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ قائم مقام صدر نے کہا کہ تعلیمی اداروں کو متعلقہ مہارتیں فراہم کرنا ہوں گی جبکہ نجی شعبے کو جامع اور باوقار کام کی جگہیں تشکیل دینا ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ چیمبرز آف کامرس رہنمائی، روابط، مارکیٹ تک رسائی اور خواتین کی زیر قیادت کاروباروں کی معاونت میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ جب خواتین قیادت کرتی ہیں تو خاندان خوشحال ہوتے ہیں※ جب خواتین معاشی زندگی میں مکمل طور پر شریک ہوتی ہیں تو قومیں ترقی کرتی ہیں اور جب خواتین عوامی پالیسی کی تشکیل میں مدد کرتی ہیں تو جمہوریت زیادہ نمائندہ، موثر اور منصفانہ بنتی ہے۔ قائم مقام صدر نے پاکستان ویمن لیڈرشپ اینڈ پالیسی سمٹ 2026 کی کامیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نمایاں ارکان میں شیلڈز اور اسناد تقسیم کیں۔ قائم مقام صدر کو اسلام آباد چیمبر کی جانب سے شیلڈ پیش کی گئی۔

بقیہ 30

مانیٹرنگ اینڈ کرائم اینالیسز لاہور، یہاں پر تعینات عاصم افتخار کو ایس پی انویسٹی گیشن کینٹ لاہور، بٹالین کمانڈر (تھری) پنجاب کانسٹیبلری ملتان سید جمشید علی کو ایس پی انٹرنل اکاؤنٹیبلٹی بہاولپور ریجن، بٹالین کمانڈر (فور) پنجاب کانسٹیبلری فیصل آباد محمد اصغر ملک کو بٹالین کمانڈر (تھری) پنجاب کانسٹیبلری تھری ملتان جبکہ سی سی ڈی کی ڈسپوزل پر موجود میاں افضال شاہ کو ایس پی انٹرنل اکاؤنٹیبلٹی سرگودھا ریجن تعینات کردیا گیا۔

بقیہ 31

واقعے کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ ملاقات میں آئزل کی والدہ نے پولیس اور سندھ حکومت کی جانب سے ان کے ساتھ رکھے جانے والے رویئے اور سلوک کے حوالے سے بتایا۔ انہوں نے آئزل کیس میں اب تک ہونے والی پیشرفت پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ملزم کے خلاف تمام شواہد موجود ہونے کے باوجود مقدمہ سست روی کا شکار ہے۔ چیئرپرسن پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ نے آئزل کی والدہ سے ان کی بیٹی کے ساتھ پیش آنے والے افسوسناک سانحے پر تعزیت اور گہرے دکھ و ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے آئزل کی والدہ کو یقین دلایا کہ پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی کی قانونی عملداری پنجاب تک محدود ہونے کے باوجود وہ ان کی قانونی و اخلاقی معاونت کے لیے اپنی استطاعت کے مطابق ہر ممکن کوشش کریں گی۔ حنا پرویز بٹ نے کہا کہ وہ سندھ حکومت سے بھی مطالبہ کریں گی کہ بچیوں اور خواتین کے خلاف سنگین جرائم کا ارتکاب کرنے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے اور ایسے جرائم کے سدباب کے لیے زیرو ٹالرینس پالیسی اپنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے میں خواتین اور بچیوں کے خلاف ایسے گھناؤنے جرائم کی کوئی گنجائش نہیں۔ مجرموں کو قانون کے مطابق قرار واقعی سزا ملنی چاہیے تاکہ انصاف کے تقاضے پورے ہوں اور مستقبل میں ایسے جرائم کی روک تھام ممکن بنائی جاسکے۔ آئزل کی والدہ نے اپنی بچی کے لیے انصاف کے حصول کی مؤثر آواز بننے اور اخلاقی و عملی معاونت فراہم کرنے پر چیئرپرسن حنا پرویز بٹ کا شکریہ ادا کیا۔ اس سے قبل آئزل کی والدہ نے لاہور پریس کلب میں منعقدہ پریس کانفرنس کے دوران واقعے کی تفصیلات سے صحافیوں کو آگاہ کیا اور انصاف کے حصول کے لیے معاشرے کے تمام طبقات سے اپنا کردار ادا کرنے کی اپیل کی۔

بقیہ 32

سیفٹی، اخلاقیات اور ٹیکنالوجی کے ذمہ دارانہ استعمال سے بھی آگاہ کیا جائے گا۔ جماعت 6 سے 8 کے طلبا کے لیے بی انٹرنیٹ اویئر پروگرام بھی شروع کیا جائے گا، سکول سربراہان کو طلبہ کی جمنائی سرگرمیوں اور شرکت کا ریکارڈ مرتب کرنے کی ہدایت جاری کر دی گئی ہے۔ جمنائی پروگرام کے تحت طلبہ کے آن لائن سرٹیفکیشن امتحان کے لیے بھی انتظامات کیے جائیں گے جبکہ سرکاری سکولوں میں گوگل ورک اسپیس ٹولز کے استعمال سے متعلق آگاہی فراہم کی جائے گی۔ حکام کے مطابق جمنائی سرگرمیاں سکول اوقات کار میں منعقد ہوں گی، جبکہ جمنائی کلاسز کا ٹائم ٹیبل سکول سربراہ کی منظوری سے تبدیل کیا جاسکے گا۔

بقیہ 33

اس لیے تجاویز دے رہے ہیں۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ پیٹرولیم لیوی کا تعلق عالمی مارکیٹ سے نہیں یہ حکومت کی نااہلی کی وجہ سے ہے، حکومت پر دباؤ بڑھانے کے لیے اپوزیشن جماعتوں سے رابطہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ کیا ماہرین نہیں جانتے کہ قیمتوں کو کم کیسے کرنا ہے، سندھ اسمبلی نے لیوی ختم کرنے کے لیے قرارداد منظور کی ہے۔ امیرِ جماعت اسلامی نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے ساتھ اختلافات ہیں لیکن وہ اس مسئلے پر حکومت سے بات کرے، لیوی ختم کرنے کے لیے اگر پیپلز پارٹی کی قیادت سے رابطہ کرنا پڑا تو کریں گے۔

بقیہ 34

سے وزیر اعظم کی فوکل پرسن برائے انسدادِ پولیو عائشہ رضا فاروق نے کہا کہ پولیو ورکرز کے معاوضے میں اضافہ ان کی محنت، لگن اور خدمات کا اعتراف ہے، فرنٹ لائن پولیو ورکرز ملک کو پولیو سے پاک بنانے کی کوششوں میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ آئندہ ذیلی قومی انسدادِ پولیو مہم 21 سے 27 ستمبر تک ملک کے 115 اضلاع میں منعقد ہوگی، جس کے دوران 3 کروڑ 10 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔

بقیہ 35

ریلوے حکام نے بتایا کہ ریلوے ٹریک کی مرمت اور بحالی کا کام جاری ہے، مال بردار ٹرین کراچی سے کوئلہ لے کر یوسف والا جارہی تھی۔ یاد رہے کہ 2 روز قبل بھی کوٹری اسٹیشن کے قریب مال گاڑی حادثے کا شکار ہوئی تھی۔

بقیہ 36

کھاتوں کو سہارا مل رہا ہے اور ملکی زرمبادلہ ذخائر پر بھی مثبت اثرات مرتب ہورہے ہیں۔ بدھ کو یہاں جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کو رواں مالی سال 27۔2026 کے ابتدائی دو ماہ کے دوران بیرون ممالک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے مجموعی طور پر 29.7 ارب ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی ہیں جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 7.14 فیصد زیادہ ہیں، اگست 2026 میں ترسیلات زر کا حجم 656.3 ارب ڈالر رہا جو اگست 2025 کے مقابلے میں 5.16 فیصد جبکہ جولائی 2026 کے مقابلے میں 7.0 فیصد زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ مالی سال کی طرح جاری مالی سال کے دوران بھی ترسیلات زر میں اضافہ کا رجحان جاری ہے، گزشتہ مالی سال کے دوران ترسیلات زر کا حجم 6.41 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ترسیلات زر لاکھوں پاکستانی گھرانوں کی آمدنی کا اہم ذریعہ ہونے کے علاوہ ملک کی بیرونی ادائیگیوں کی صلاحیت اور بیرونی شعبے کی مجموعی مضبوطی میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ ترسیلات زر کے مضبوط بہاؤ سے پاکستان کے بیرونی مالیاتی دباؤ میں کمی، زرمبادلہ کے بفرز میں بہتری اور معیشت میں بیرونی جھٹکوں کو برداشت کرنے کی صلاحیت مزید مستحکم ہونے کی توقع ہے۔

بقیہ 37

پیشِ نظر چترال کے شہریوں نے سوات اور دیر کے اضلاع پر مشتمل نئے صوبے کے قیام کی حمایت کردی۔ نئے انتظامی یونٹس کے قیام کو وقت کی ضرورت قرار دیتے ہوئے چترال کے شہریوں کا کہنا ہے کہ رقبے کے لحاظ سے چترال ایک وسیع ضلع ہے، دیر اور سوات کو ملا کر الگ صوبہ بنانا اچھا فیصلہ ہوگا۔ موجودہ سیٹ اَپ میں وزیر اعلیٰ اور صوبائی حکام تک عام شہریوں کی رسائی انتہائی دشوار ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ انتظامی یونٹس یا چھوٹے صوبے بننے سے عام شہری کی سرکاری حکام تک رسائی ممکن ہوگی، چھوٹا صوبہ تشکیل پانے سے نہ صرف چترالی عوام بلکہ پورے ملک پر خوشگوار اور مثبت اثرات مرتب ہوں گے، نئے انتظامی فریم ورک اور چھوٹے صوبوں کا قیام قومی و مقامی مفاد میں ایک اہم پیشرفت ثابت ہوگا۔ نئے انتظامی فریم ورک سے عوامی اور ریاستی اداروں کے درمیان فاصلے ختم اور سروس ڈیلیوری میں بہتری آئے گی۔

حکومت طبقاتی زندگیوں میں آسودگی لانے کیلئے کوشاں ہے: صوبائی وزیر منشا اللہ بٹ

وزیر لیبر وہیومن ریسورسز سے شاہد قادر کی ملاقات، مزدوروں کیلئے شروع کئے گئے منصوبوں پر تبادلہ خیال

لاہور(این این آئی)صوبائی وزیر لیبر و ہیومن ریسورسز محمد منشا اللہ بٹ سے سابق ڈائریکٹر وزیراعلیٰ شکایات سیل شاہد قادر نے ملاقات کی جس میں ملکی و صوبائی مجموعی صورتحال، عوامی مسائل اور مزدور طبقے کی فلاح و بہبود کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات مین آرگینک زراعت اور مصنوعات پر ریسرچ کرنے والے ادارے کے سربراہ نجم مزاری بھی موجود تھے۔

وطن عزیز اور ختم نبوت کا دفاع ہمیں جان سے زیادہ عزیز ہے' جے یو آئی

عقیدہ ختم نبوت اور دفاع پاکستان کیلئے تمام قوتوں کو متحد ہونے کی ضرورت ہے' قاری اعظم حسین

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلی مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلی مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ وطن عزیز اور ختم نبوت کا دفاع ہمیں جان سے بھی زیادہ عزیز ہے، وطن کی بقا سلامتی اور تحفظ کیلئے جان کا نذرانہ پیش کرنیوالے بہادر سپوتوں کو قوم سلام پیش کرتی ہے،عقیدہ ختم نبوت اور دفاع پاکستان کیلئے تمام قوتوں کو متحد ہونے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دین کے دشمن اور ملک کے دشمن یاد رکھیں پوری قوم جاگ رہی ہے

لاڑکانہ، کروڑوں روپے کے مائیکروفنانس بینک لون فراڈ کیس میں 3 ملزمان گرفتار

لاڑکانہ (این این آئی) ایف آئی اے لاڑکانہ نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے 4 کروڑ 42 لاکھ روپے کے مائیکروفنانس بینک لون فراڈ کیس میں 3 مفرور ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ایف آئی اے کے مطابق گرفتار ملزمان میں عبدالرحمان، محمد مزمل اور فیصل نبی شامل ہیں،ملزمان پر مبینہ طور پر 130 قرضہ کیسز میں جعلی کاروباری پروفائلز تیار کرنے، ناقص فیلڈ ویریفکیشن اور ضروری جانچ پڑتال کے بغیر قرضہ کیسز کی پراسیسنگ اور رقم کی فراہمی میں ملوث ہونے کا الزام



لاہور: ڈی جی سپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی ہی ایم پنجاب یوتھ گیمز کی تیاریوں کے حوالے سے نیشنل ہاکی اسٹیڈیم میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

آئرس پورٹل پر تحفظات، سافٹ ویئر کی غلطی کا بوجھ لاکھوں ٹیکس پیئرز کیوں اٹھائیں' پاکستان ٹیکس بار

وزیراعظم، وزیر خزانہ، چیئرمین ایف بی آر معاملے کا فوری نوٹس لیں' عہدیداران کا مشترکہ بیان

لاہور(این این آئی) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے آئرس پورٹل میں کم از کم ٹیکس کی خودکار کیلکولیشن پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سسٹم کی ناقص یا غلط خودکار کیلکولیشن ٹیکس قوانین کی روح کے منافی اضافی ٹیکس ڈیمانڈ پیدا کر رہی ہے جس کا براہ راست مالی بوجھ لاکھوں ٹیکس دہندگان کو برداشت کرنا پڑ رہا ہے۔ پاکستان ٹیکس بار کے صدر احسان الحق شیخ، جنرل سیکرٹری طاہر محمود بٹ، سینئر نائب صدر شیخ محمد یاسین، نائب صدور عامر حنیف اور رانا منظور حسین نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ایف بی آر اپنے سسٹم کی تکنیکی یا قانونی تشریح کی غلطی کی سزا لاکھوں ٹیکس پیئرز کو نہیں دے سکتا۔ جب ٹیکس پیئر کی کوئی غلطی نہیں تو اسے سزا کس قانون کے تحت دی جا رہی ہے؟ ٹیکس دہندہ ادائیگی یا ٹرانزیکشن کے مرحلے پر ودہولڈنگ ٹیکس کی صورت میں پہلے ہی رقم ادا کر چکا ہوتا ہے

تھرپارکر، لڑکی کی لاش برآمد، والدین کا پوسٹ مارٹم رپورٹ ماننے سے انکار

تھرپارکر(این این آئی) تھرپارکر کے علاقے اسلام کوٹ میں لڑکی کی ملنے والی لاش کی پوسٹ مارٹم رپورٹ والدین نے ماننے سے انکار کرتے ہوئے شفاف تحقیقات کا مطالبہ کر دیا اس حوالے سے اہل خانہ نے کہا کہ ابتدائی پوسٹ مارٹم رپورٹ میں واقعہ خودکشی قرار دیا گیا ہے۔ دوسری جانب میڈیکو لیگل افسر نے کہا کہ والدین نے لکھ کر دیا ہے کہ ہم تفصیلی پوسٹ مارٹم نہیں کرار ہے اس سلسلے میں اہل خانہ نے کہا کہ ہم ان پڑھ ہیں

ڈور ٹو ڈور ویسٹ کولیکشن آپریشنز کی جیو فینسنگ کا کام تکمیل کے قریب ہے: ذیشان رفیق

صوبائی وزیر بلدیات کی زیر صدارت ضلعی ایجنسیز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس

لاہور(این این آئی)صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ میں ستھرا پنجاب کے حوالے سے اجلاس کے دوران ضلعی ایجنسیز کی کارکردگی کا فرداً فرداً جائزہ لیا گیا ہے۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ زید بن مقصود، فوکل پرسن برائے ستھرا پنجاب عاصم محمود اور ایڈیشنل سیکرٹری مہرین فہیم عباسی بھی موجود تھے جبکہ ستھرا پنجاب ایجنسیز کے مینجنگ ڈائریکٹرز بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے۔

توانائی اور مالیاتی لاگت میں کمی کے بغیر برآمدی اہداف کا حصول مشکل ہوگا' مدثر مسعود چوہدری

حریف ممالک کے مقابلے میں مسابقت کے قابل بنانے کیلئے سازگار ماحول دیا جائے' سینئر رکن پیاف انجم نثار گروپ

لاہور (این این آئی) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) انجم نثار گروپ کے رکن و سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری مدثر مسعود چوہدری نے حکومت پر زور دیا ہے کہ برآمدی شعبے کو علاقائی حریف ممالک کے مقابلے میں مسابقت کے قابل بنانے کے لیے فوری طور پر سازگار کاروباری ماحول فراہم کیا جائے، بلند شرح سود، مہنگی بجلی و گیس، خام مال کی درآمد پر بھاری ڈیوٹیز اور غیر مسابقتی پالیسیوں کے باعث برآمد کنندگان کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف پروگرام کے تحت بنائی جانے والی مالی اور زری پالیسیوں میں برآمدی شعبے کی ضروریات کو ترجیح دی جانی چاہیے۔ بلند پیداواری لاگت کے باعث پاکستانی مصنوعات عالمی منڈی میں علاقائی حریفوں کا مقابلہ کرنے میں مشکلات سے دوچار ہیں۔

سپانٹک چوٹی پر جاں بحق ڈاکٹر اسما مشتاق کی لاہور میں نماز جنازہ ادا

لاہور (این این آئی) سپانٹک چوٹی پر جاں بحق ڈاکٹر اسما مشتاق کی لاہور میں نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ ڈاکٹر اسما نے 20 اگست کو سپانٹک چوٹی سر کی، واپسی پر 6 ہزار 400 میٹر بلندی پر جاں بحق ہوئیں، مقامی رضا کار کوہ پیماؤں نے 31 اگست کو میت بیس کیمپ پہنچائی تھی، برطانیہ میں مقیم ڈاکٹر اسما مشتاق کا تعلق لاہور سے تھا، نماز جنازہ میں لوگوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

جامعہ کراچی کے پروفیسر عارف خان ساقی پر تشدد، مزید 2 ملزمان گرفتار

تعداد 5 ہوگئی، گرفتار ملزمان میں سیکیورٹی گارڈز گل شیر اور تاج محمد شامل

کراچی (این این آئی) کراچی میں جامعہ کراچی اسلامک لرننگ ڈیپارٹمنٹ کے چیئرمین عارف خان ساقی پر تشدد کے معاملے میں پولیس نے مزید دو ملزمان کو گرفتار کرلیا، کیس میں گرفتار ملزمان کی مجموعی تعداد 5 ہوگئی۔ پولیس حکام کے مطابق گرفتار ملزمان میں سیکیورٹی گارڈز گل شیر اور تاج محمد شامل ہیں، جبکہ شوکت علی، عمران علی اور غلام عمر کو پہلے ہی گرفتار کیا جا چکا ہے، واقعے میں ملوث مزید ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ واقعے کا مقدمہ گزشتہ روز سچل تھانے میں پروفیسر عارف خان ساقی کی مدعیت میں درج کیا گیا تھا، مقدمہ تشدد، حراساں کرنے اور اقدام قتل کی دفعات کے تحت ایک نامزد سمیت 3 سے 4 نامعلوم ملزمان کے خلاف درج کیا گیا۔

پاکستان اور عالمی منڈی میں سونے کی قیمت میں کمی کا سلسلہ رک گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان اور عالمی منڈی میں سونے کی قیمت میں کمی کا سلسلہ رک گیا۔ آل پاکستان صرافہ ایسوسی ایشن کے مطابق ملک بھر میں 24 کیرٹ فی تولہ سونا 800 روپے مہنگا ہو کر 462936 روپے کا ہو گیا، دس گرام سونے کی قیمت 686 روپے بڑھ کر 396893 روپے ہو گئی۔ فی تولہ چاندی کی قیمت 72 روپے کی بڑھ کر 7141 روپے ہو گئی



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

کے پی پولیس کو اب پنجاب پولیس نہیں بننے دیں گے: سہیل آفریدی

نرسنگ کالج واقعے میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی ہوگی، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ کے پی پولیس کو پنجاب پولیس نہیں بننے دیں گے۔ سہیل آفریدی کی زیر صدارت صوبے میں پولیس کی کارکردگی کے حوالے سے اجلاس ہوا۔ اجلاس میں بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ کمپلینٹ سیل کو جنوری تا اگست 3 ہزار 551 شکایات موصول ہوئیں، 498 شکایات قانونی پیچیدگیوں کے باعث ناقابل عمل ہیں۔

وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ سے ملائیشیا کے نئے قونصل جنرل محمد یونس ابراہیم کی ملاقات

سندھ اور ملائیشیا کے معاشی و تجارتی روابط مزید مستحکم کرنے پر اتفاق، کراچی سے کوالالمپور براہ راست پروازیں شروع کرنے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے ملائیشیا کے نئے قونصل جنرل محمد یونس ابراہیم نے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور ملائیشیا کے تعلقات، باہمی دلچسپی کے امور اور دوطرفہ تعاون کے فروغ سمیت سندھ اور ملائیشیا کے درمیان معاشی و تجارتی روابط مزید مستحکم کرنے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے محمد یونس ابراہیم کو ملائیشیا کے قونصل جنرل کی حیثیت سے تعیناتی پر مبارکباد دیتے ہوئے سندھ میں ان کا خیر مقدم کیا اور یقین دہانی کرائی کہ صوبائی حکومت کی جانب سے انہیں ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ سید مراد علی شاہ نے ملائیشین سرمایہ کاروں کو سندھ کی تیزی سے ابھرتی ہوئی مارکیٹ میں سرمایہ کاری کے مواقع سے فائدہ اٹھانے کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ سندھ میں مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع امکانات موجود ہیں

سندھ بھر کے اسکولوں کے اوقات کار میں ایک گھنٹے کی کمی

کراچی (این این آئی) سندھ بھر کے اسکولوں کے اوقات کار میں ایک گھنٹے کی کمی کر دی گئی، وزیر تعلیم سندھ سید سردار علی شاہ کی ہدایت پر محکمہ اسکول ایجوکیشن نے نئے اوقات کار کا سرکلر جاری کر دیا۔ محکمہ اسکول ایجوکیشن سندھ کے جاری کردہ سرکلر کے مطابق صوبے بھر کے اسکولوں کے نئے اوقات کار فوری طور پر نافذ العمل ہوں گے اور آئندہ احکامات تک جاری رہیں گے۔ تمام سرکاری و متعلقہ تعلیمی اداروں کو نئے شیڈول کے مطابق تدریسی سرگرمیاں جاری رکھنے کی ہدایت کی



کراچی: گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی، صوبائی وزیر صنعت و تجارت جام اکرام اللہ دھاریجو کو پریس میوزیم میں موجود نادر و نایاب پرنٹنگ مشین کے بارے میں بریفنگ دی جا رہی ہے، ڈاکٹر سیف الرحمن بھی موجود ہیں۔

کراچی: پولیس مقابلے میں زخمی گاڑی چور ملزم اسپتال جاتے ہوئے دم توڑ گیا

کراچی (این این آئی) اے وی ایل سی سی آئی اے کراچی کی منگھوپیر ڈویژن پولیس نے کالی مٹی فیکٹری، شمالی بائی پاس کے قریب کارروائی کرتے ہوئے مبینہ بین الصوبائی مانی گینگ کے ایک کارندے کو پولیس مقابلے کے بعد زخمی حالت میں گرفتار کرلیا، تاہم ملزم اسپتال منتقل کیے جانے کے دوران راستے میں دم توڑ گیا، جبکہ اس کے دو نامعلوم ساتھی اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہوگئے۔

بینک اکاؤنٹس کا ڈیٹا چوری کر کے کروڑوں ہتھیانے والا گینگ گرفتار

بینک آفیسر بھی شامل، ملزمان کے قبضے سے 90 لاکھ روپے نقد اور درجنوں اے ٹی ایم و کریڈٹ کارڈز برآمد

لاہور (این این آئی) ایف آئی اے کمرشل بینکنگ سرکل نے کارروائی کرتے ہوئے شہریوں کے بینک اکائونٹس کا ڈیٹا چوری کر کے لاکھوں روپے ہتھیانے والے مبینہ گینگ کو گرفتار کرلیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ملک سکندر کے مطابق گرفتار ملزمان میں بینک کا آفیسر عبداللہ بھی شامل ہے۔ ملزم سکندر ایسے افراد کا ڈیٹا تبدیل کرتا تھا جو طویل عرصے سے اپنے بینک اکاؤنٹس استعمال نہیں کر رہے تھے۔



لاہور: صوبائی وزیر لیبر و ہیومن ریسورسز منشاء اللہ بٹ سے شاہد قادر ملاقات کر رہے ہیں۔

خواندگی کے فروغ کا ہدف انفرادی، قومی ترجیح کے بغیر ممکن نہیں، شیخ نعیم طاہر

ملک سے ناخواندگی کے خاتمہ کے لئے علم کا جاننا اور سیکھنا ہر ذی شعور پاکستانی کا حق ہے

سرگودھا (این این آئی) مسلم لیگ (ن) علما مشائخ ونگ سرگودھا ڈویژن کے سیکرٹری اطلاعات شیخ نعیم طاہر نے کہا کہ علم کو جاننے اور سیکھنے کی لگن اور جستجو ہمارے عقائد کا حصہ ہے۔ اس لئے ملک سے ناخواندگی کے خاتمہ کے لئے علم کا جاننا اور سیکھنا ہر ذی شعور پاکستانی کا حق ہے، جس کو ہر صورت پورا کرنے ہر پاکستانی کو عزم کرنا ہوگا۔ زرائع کے مطابق مسلم لیگ ن علما و مشائخ ونگ سرگودھا ڈویژن کے سیکرٹری اطلاعات شیخ نعیم طاہر نے حصول تعلیم پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی ترقی اور ملک کی خوشحال کیلئے ہر سطح پر تعلیم کے مواقع فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ اس لئے خواندگی کے فروغ کا ہدف انفرادی، قومی ترجیح کے بغیر ممکن نہیں ہے۔ شیخ نعیم طاہر نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے وژن پر نونہالان وطن کے لئے ڈیجیٹل تعلیم پر خصوصی توجہ دے کر دور حاضر کے تقاضوں کو نبھانے کیلئے کوشاں ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ آج صوبہ پنجاب میں سکول میل جیسے اختراعی پروگراموں کی وجہ سے پسماندہ علاقوں میں حصول تعلیم کا شعور تیزی سے پروان چڑھ رہا ہے۔

لاہور میں پتنگوں اور ڈور کی بڑی کھیپ پکڑی گئی، 2 بین الاضلاعی ڈیلرز گرفتار

شمالی چھاؤنی پولیس کی کارروائی، 520 پتنگیں، قاتل کیمیکل ڈور کی چرخیاں اور درجنوں چرخیاں برآمد

لاہور (این این آئی) لاہور میں پتنگوں و ڈور کی بڑی ترسیل ناکام بناتے ہوئے 02 بین الاضلاعی پتنگ ڈیلرز گرفتار کر لیے گئے۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کی ہدایت پر پتنگ فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ شمالی چھاؤنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے شہریوں کی موت کے سوداگر 02 پتنگ ڈیلرز کو گرفتار کیا۔ خفیہ اطلاع پر دوران چیکنگ کپل شادی ہال کے پاس 02 پتنگ ڈیلرز شاہد اور جمیل پتنگوں و ڈور کی ڈیلیوری دیتے ہوئے رنگے ہاتھوں پتنگوں و ڈور سمیت گرفتار کیے گئے۔ ملزم شاہد اور جمیل سے لاکھوں مالیت کی 520 پتنگیں، قاتل کیمیکل ڈور کی چرخیاں، پنے اور درجنوں چرخیاں بغیر مانجھے کے برآمد کی گئیں۔ ملزمان نے بذریعہ آن لائن لوکیشن پر مختلف اضلاع میں پتنگوں و ڈور کی سپلائی دینے کا اعتراف کیا۔ ایس پی کینٹ عاطف امیر نے کہا کھملزمان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں جاری ہیں



گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان چنیوٹ میں ہلال احمر کے زیراہتمام سیلاب متاثرین میں نئے گھروں کی چابیاں تقسیم کر رہے ہیں۔

سموگ کے خاتمے کیلئے سیف سٹی کا سخت کریک ڈاؤن، 2 ہزار سے زائد خلاف ورزیوں کی نشاندہی

اے آئی کیمروں اور ڈرونز سے نگرانی، دھواں چھوڑنے والی 767 گاڑیوں سمیت ماحولیاتی آلودگی کے مختلف کیسز پر کارروائیاں

لاہور (این این آئی) سموگ کے خاتمے کے لئے سیف سٹی کا سخت کریک ڈاؤن، اے آئی بیسڈ کیمروں اور ڈرونز سے کڑی نگرانی جاری ہے۔ ترجمان سیف سٹیز کے مطابق 7 روز میں سیف سٹی کی ورچول پیٹرولنگ سے ماحولیاتی آلودگی کی 2 ہزار سے زائد خلاف ورزیوں کی نشاندہی کی گئی۔ بغیر ترپال تعمیراتی سامان لے جانے والی 810 گاڑیوں کی نشاندہی، 487 چالان، 189 کو وارننگ دی گئی۔ دھواں چھوڑنے والی 767 گاڑیوں کی نشاندہی، 591 گاڑیوں کو جرمانے کیے گئے۔ سیف سٹی کیمروں سے دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے 183 ای چالان بھی جاری کیے گئے۔ سیف سٹی ڈرونز کے ذریعے فصلوں کی باقیات جلانے کے واقعات کی نشاندہی، 12 خلاف ورزیوں پر کارروائی کی گئی۔ صنعتی آلودگی کے 39 کیسز سامنے آئے، 4 مقامات پر جرمانے، 2 نوٹس سیل، 7 کو وارننگ جاری کی گئی۔ بھٹوں سے دھوئیں کے اخراج کے 151 کیسز رپورٹ، 20 ایف آئی آرز درج اور جرمانے عائد



لاہورسیکرٹری سپورٹس پنجاب فضل الرحمن ہی ایم پنجاب ایتھلیٹکس کارڈ کے حوالے سے پنجاب اسٹیڈیم میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

نالہ بئیں میں ڈوبنے والے شخص کی لاش 19 گھنٹے 30 منٹ کے سرچ آپریشن کے بعد برآمد

ریسکیو 1122 کی جدید طریقہ کار سے کارروائی، 4 تربیت یافتہ غوطہ خوروں سمیت 10 اہلکاروں نے حصہ لیا

نارووال (این این آئی) ریسکیو 1122 نے نالہ بئیں کے ملحقہ فتح پور روڈ پلی کے پاس ڈوبنے والے شخص کی لاش 19 گھنٹے 30 منٹ کے سرچ آپریشن کے بعد تلاش کر لی۔ ڈوبنے والے شخص کی شناخت عبدالقیوم ولد عبدالستار عمر 45 سال سکنہ گاؤں اگومنڈ کے نام سے ہوئی۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر اورنگزیب کی زیر نگرانی ریسکیو اہلکاروں نے لاش کی تلاش کے لیے سکوبا ڈائیونگ، لائن سرچ اور بوٹ ہبلنگ کے جدید طریقہ کار استعمال کیے۔ سرچ آپریشن میں 10 ریسکیورز حصہ لیتے رہے، جن میں 4 تربیت یافتہ غوطہ خور اور 6 تیراک شامل تھے۔ پہلے روز اندھیرا زیادہ ہونے کے باعث سرچ آپریشن کو صبح تک ملتوی کر دیا گیا۔ دوسرے روز دوبارہ سرچ آپریشن شروع کرتے ہی ڈوبنے والی جگہ سے تقریباً 20 فٹ کے فاصلے پر لاش تلاش کر لی گئی۔ ریسکیو اہلکاروں نے لاش کو پانی سے نکال کر ان کے گاؤں اگومنڈ میں شفٹ کر دیا۔

کراچی میں جرائم کی شرح، اگست میں موٹر سائیکل چوری سب سے آگے

ایک ماہ کے دوران 2 ہزار 678 موٹر سائیکلیں چوری، ایک ہزار 884 شہری موبائل فون سے محروم

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں جرائم کی صورتحال سے متعلق اگست 2026ء کے اعداد و شمار نے شہریوں کی تشویش میں مزید اضافہ کر دیا، ایک ماہ کے دوران موٹر سائیکل چوری کی وارداتیں سب سے زیادہ رپورٹ ہوئیں جبکہ موبائل فون چھیننے کے واقعات بھی بڑی تعداد میں سامنے آئے۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق یکم اگست سے 31 اگست 2026ء کے دوران کراچی میں ** 2 ہزار 678 موٹر سائیکلیں چوری ہوئیں، جبکہ 502 موٹر سائیکلیں شہریوں سے چھینی گئیں۔ یوں موٹر سائیکل سے متعلق جرائم کی مجموعی تعداد 3 ہزار 180 رہی۔ اعداد و شمار کے مطابق شہر میں ** موبائل فون چھیننے کے ایک ہزار 884 واقعات رپورٹ ہوئے۔ اس حساب سے اگست کے دوران روزانہ اوسطاً 60 سے زائد شہری موبائل فون سے محروم ہوئے، جس سے شہر میں اسٹریٹ کرائم کے مسئلے کی سنگینی کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق اگست کے دوران کراچی میں 124 گاڑیاں چوری جبکہ 16 گاڑیاں چھینی گئیں۔



لاہور: آسٹریلیا کے ہائی کمشنر برائے پاکستان ٹموتھی کین لاہور چیمبر میں خطاب کر رہے ہیں۔

گورنر سندھ کا پریس میوزیم کا دورہ، تاریخی ورثے کے تحفظ پر زور

پریس میوزیم نئی نسل کو صحافت وطباعت کی تاریخ سے روشناس کرانے کا بہترین ذریعہ ہے

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے صوبائی وزیر صنعت و تجارت جام اکرام اللہ دھاریجو کے ہمراہ گورنر ہاؤس سے متصل پریس میوزیم کا دورہ کیا اور وہاں محفوظ صحافت و طباعت کے تاریخی ورثے کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر سندھ نے کہا کہ پریس میوزیم میں صحافت اور طباعت کے تاریخی ورثے کا تحفظ قابل تحسین ہے، ہمیں اپنی تاریخ کو مدنظر رکھتے ہوئے مستقبل کے فیصلے کرنے چاہئیں۔ تاریخی ورثے کا تحفظ ہماری قومی ذمہ داری ہے اور اس سلسلے میں ایسے مراکز کا قیام اور ان کی حفاظت انتہائی اہمیت رکھتی ہے۔ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا کہ پریس میوزیم نئی نسل کو صحافت اور طباعت کی تاریخ سے روشناس کرانے کا بہترین ذریعہ ہے۔ طلبہ کے مطالعاتی دورے انہیں صحافت اور طباعت کے ارتقا اور تاریخی مراحل کو سمجھنے میں مدد دیتے ہیں، جبکہ ایسے معلوماتی مراکز نوجوان نسل کی علمی و فکری تربیت میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

پنجاب میں 736 غیر فعال واٹر فلٹریشن پلانٹس کی بحالی کا کام تیز کرنے کی ہدایت

رواں سال کے اختتام تک تمام غیر فعال پلانٹس بحال کیے جائیں گے، سولر پاور بیک اپ سے منسلک کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت پنجاب بھر میں 736 غیر فعال واٹر فلٹریشن پلانٹس کی بحالی کا کام تیز کرنے کی ہدایت کر دی گئی، رواں سال کے اختتام تک تمام غیر فعال فلٹریشن پلانٹس بحال کیے جائیں گے۔ اجلاس کے دوران کنٹریکٹرز اور کنسلٹنٹس کو بحالی کا کام مقررہ مدت میں مکمل کرنے، بحال کیے گئے تمام فلٹریشن پلانٹس کی جی پی ایس تصاویر لازمی شیئر کرنے کی ہدایت کی گئی۔

وراثتی جائیداد کا کیس، خاتون کو نصف صدی بعد ریلیف مل گیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے ڈیرہ اسماعیل خان کی زیتون بی بی کو وراثتی جائیداد کے کیس میں نصف صدی بعد ریلیف دیدیا۔ جسٹس منیب اختر، جسٹس ملک شہزاد اور جسٹس صلاح الدین پر مشتمل بینچ نے فیصلہ سنایا۔ عدالت نے مخالف فریق کی نظر ثانی اپیل خارج کرنے کا حکم واپس لینے کی درخواست مسترد کرتے ہوئے زیتون بی بی کے حق میں 2022 کے فیصلے پر عمل درآمد کا حکم جاری کر دیا۔

کراچی پورٹ عالمی رینکنگ میں 30 درجے بہتری کے بعد 69 ویں نمبر پر

دونوں بندرگاہیں سالانہ 100 ملین ٹن سے زائد کارگو سنبھالنے کی صلاحیت رکھتی ہیں

کراچی (این این آئی) وزیراعظم ٹاسک فورس برائے بحری امور کی جانب سے کی جانے والی اصلاحات کے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہوگئے، ** کراچی پورٹ کی عالمی رینکنگ میں ایک سال کے دوران 30 درجے بہتری کے بعد بندرگاہ 99 ویں سے 69 ویں پوزیشن پر آگئی، جبکہ پورٹ قاسم بھی 74 ویں سے 56 ویں نمبر پر پہنچ گیا۔ رپورٹ کے مطابق بحری شعبے میں اصلاحات، بندرگاہی نظام میں بہتری اور جدید سہولتوں کے نتیجے میں پاکستان کی دونوں بڑی بندرگاہوں کی عالمی سطح پر کارکردگی میں نمایاں بہتری ریکارڈ کی گئی ہے۔ کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم سالانہ 100 ملین ٹن سے زائد کارگو ہینڈل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، جس کے باعث دونوں بندرگاہیں ملکی تجارت اور درآمد و برآمد کے نظام میں مرکزی حیثیت رکھتی ہیں۔



لاہور: چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا، ریونیو اہداف اور شکایات کے بارے میں جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

میئر کراچی کے خلاف تحریک عدم اعتماد، جماعت اسلامی اور پی ٹی آئی میں اہم رابطہ

جے یو آئی (ف)، مسلم لیگ (ن) اور دیگر جماعتوں سے بھی رابطے جاری ہیں، سیف الدین ایڈووکیٹ

کراچی (این این آئی) میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کے خلاف تحریک عدم اعتماد لانے کے معاملے میں اہم پیشرفت سامنے آگئی، جماعت اسلامی اور پاکستان تحریک انصاف کے سٹی کونسل ارکان کے درمیان رابطے کے بعد تحریک عدم اعتماد کے لیے دیگر سیاسی جماعتوں سے مشاورت بھی تیز کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کے ارکان سٹی کونسل نے چند روز قبل ادارہ نور حق میں جماعت اسلامی کی مقامی قیادت سے اہم ملاقات کی، جس میں میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کے خلاف تحریک عدم اعتماد پیش کرنے کے معاملے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں تحریک عدم اعتماد کی کامیابی کے لیے دیگر جماعتوں سے رابطوں اور مشاورت پر بھی گفتگو ہوئی۔

پنجاب کے تمام دریاؤں میں پانی کا بہاؤ معمول کے مطابق ہے' پی ڈی ایم اے

لاہور (این این آئی) پنجاب کے تمام دریاؤں میں پانی کا بہاؤ معمول کے مطابق ہے۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق دریائے سندھ، چناب جہلم، راوی اور ستلج میں پانی کا بہاؤ نارمل سطح پر ہے۔ ڈیرہ غازی خان رود کوہیوں میں پانی کا بہاؤ نارمل ہے۔ نالہ ڈیگ اور دوسرے نالوں میں بھی پانی کا بہاؤ نارمل سطح پر ہے۔ تربیلا ڈیم 100 فیصد اور منگلا ڈیم 78 فیصد بھر چکا ہے۔

پنجاب میں اسموگ سیزن سے قبل آلودگی کے خلاف کارروائیاں سخت کرنے کا فیصلہ

خشک صفائی پر پابندی، تعمیراتی مقامات پر ڈسٹ کنٹرول ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کا حکم

لاہور (این این آئی) پنجاب میں اسموگ سیزن سے قبل آلودگی کے خلاف کارروائیاں مزید سخت کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا، اس ضمن میں ڈی جی ادارہ تحفظ ماحول پنجاب عبداللہ نیئر شیخ نے متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کر دیں۔ انہوں نے ستھرا پنجاب اتھارٹی کو سڑکوں کی خشک صفائی فوری ترک کرنے کا حکم، مکینیکل یا گیلی صفائی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ خشک صفائی سے سڑکوں کی گرد و غبار دوبارہ فضا میں شامل ہوتی ہے،

کراچی میں کسٹمز کی بڑی کارروائی، 40 کروڑ سے زائد مالیت کی 212 کلو چرس برآمد

ملزمان نے فرار ہوتے ہوئے کسٹمز ٹیم پر فائرنگ کردی، گاڑی اور منشیات قبضے میں لے لی گئیں

کراچی (این این آئی) پاکستان کسٹمز نے انسداد اسمگلنگ مہم کے تحت کراچی میں بڑی کارروائی کرتے ہوئے 40 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی 212 کلوگرام چرس برآمد کرلی، تاہم منشیات اسمگل کرنے والے ملزمان فائرنگ کے بعد رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہوگئے۔ کلکٹر کسٹمز انفورسمنٹ فرید خان کے مطابق کسٹمز حکام کو خفیہ اطلاع موصول ہوئی تھی کہ کوئٹہ سے ایک کار کے ذریعے بھاری مقدار میں چرس کراچی منتقل کی جا رہی ہے، جسے کراچی کے علاوہ اندرون سندھ کے مختلف شہروں میں سپلائی کیا جانا تھا۔ اطلاع ملنے پر کسٹمز کی ٹیم نے لیاری ایکسپریس وے پر نگرانی سخت کر دی اور مشتبہ گاڑی کی تلاش شروع کر دی۔ عیسیٰ نگری انٹرچینج کے قریب کسٹمز اہلکاروں نے مشتبہ کار کو روکنے کی کوشش کی تو گاڑی میں سوار افراد نے رکنے کے بجائے فرار ہونے کی کوشش کی۔ حکام کے مطابق کسٹمز ٹیم نے مشتبہ گاڑی کا تعاقب کیا

لاہور، جناح ہسپتال سے لیبارٹری ٹیکنیشن کی لاش برآمد

لاہور (این این آئی) لاہور میں جناح ہسپتال سے لیبارٹری ٹیکنیشن کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق ٹیکنیشن شاہد کی لاش ہسپتال کے کوارٹر سے ملی۔ لاش 3 سے 4 روز پرانی معلوم ہوتی ہے۔ شاہد کی موت نشے کی زیادتی کے باعث ہونے کا شبہ ہے۔ موت کی حتمی وجہ پوسٹ مارٹم رپورٹ کے بعد سامنے آئے گی۔ پولیس نے موقع سے شواہد اکٹھے کر لیے۔ لاش پوسٹ مارٹم کے لیے منتقل اور واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔

عمر لاشاری قتل کیس میں اہم پیشرفت، 3 ملزمان گرفتار

کیس کی مزید تفتیش جاری ہے اور شواہد کی روشنی میں قانونی کارروائی آگے بڑھائی جائے گی، پولیس حکام

شکارپور (این این آئی) کمسن بچے عمر لاشاری کے قتل کے مقدمے میں اہم پیشرفت سامنے آئی ہے، تھانہ لکھیدر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل میں مبینہ طور پر ملوث تین ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ایس ایس پی شکارپور محمد کلیم کے مطابق گرفتار ملزمان کی شناخت جبار سیٹھار، نواز لُھر اور ندیم لُھر کے نام سے ہوئی ہے۔ عمر لاشاری کے قتل کا مقدمہ مقتول کے چچا منیر لاشاری کی مدعیت میں تھانہ لکھیدر میں درج کیا گیا تھا۔ ایس ایس پی محمد کلیم نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے اے ایس پی سٹی محمد آصف کی سربراہی میں خصوصی ٹیم تشکیل دی تھی، جس نے کارروائی کرتے ہوئے تینوں ملزمان کو گرفتار کیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے اور قتل کے محرکات سمیت واقعے کے دیگر پہلوؤں کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔

فیصل آباد میں نوجوان کا قتل، ملزم ظہیر کی عمر قید کی سزا کے خلاف اپیل پر فیصلہ محفوظ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے فیصل آباد میں نوجوان کے قتل کے مقدمے میں ملزم ظہیر کی عمر قید کی سزا کے خلاف اپیل پر وکلاء کے دلائل سننے کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا۔ جسٹس امجد رفیق نے ملزم ظہیر کی اپیل پر سماعت کی۔ ملزم کی جانب سے ایڈووکیٹ طیب حنیف چوہدری نے دلائل پیش کئے۔ ملزم کے وکیل نے موقف اپنایا کہ مقتول کا بھائی ٹیکسٹائل ملز کا ملازم تھا



کراچی: پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی (پی اے اے) کے ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل ورکس اینڈ ڈویلپمنٹ سمیر سعید ای کچھری کی صدارت کر رہے ہیں۔

ٹھٹھہ میں ٹریکٹر ٹرالی بجلی کی تاروں سے ٹکرا گئی، 2 خواتین سمیت 6 افراد جاں بحق

وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے حادثے پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کمشنر حیدرآباد سے واقعے کی رپورٹ طلب کرلی

ٹھٹھہ/کراچی (این این آئی) ٹھٹھہ کے نواحی علاقے پیر جو گوٹھ میں ٹریکٹر ٹرالی بجلی کی تاروں سے ٹکرا گئی، حادثے میں دو خواتین سمیت 6 افراد جاں بحق اور متعدد افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق ملاح برادری کے افراد دھان کی فصل کی کٹائی کے بعد ٹریکٹر ٹرالی میں سوار ہو کر واپس گاؤں جا رہے تھے کہ ان کی ٹریکٹر ٹرالی بجلی کی تاروں سے ٹکرا گئی۔ حکام نے بتایا کہ حادثے میں دو خواتین سمیت 6 افراد جاں بحق اور متعدد افراد زخمی ہوئے۔

بسنت فیسٹیول، پی ایچ اے کا گرینڈ کلچرل میلہ سجانے کا فیصلہ

بسنت کے رنگوں سے سجے گرینڈ کلچرل میلے کے لیے تجاویز طلب

لاہور (این این آئی) پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی نے لاہور میں بسنت فیسٹیول کے انعقاد کا فیصلہ کر لیا جس میں پھولوں، پتنگوں اور ثقافتی رنگوں کے ذریعے شہر کی خوبصورتی کو اجاگر کیا جائے گا۔ وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین کی زیر صدارت بسنت فیسٹیول کی تیاریوں اور انتظامات کے حوالے سے اہم اجلاس ہوا جس میں ڈی جی پی ایچ اے احمد عثمان جاوید نے فیسٹیول کے انتظامات پر بریفنگ دی۔ اجلاس میں بسنت کے رنگوں سے سجے گرینڈ کلچرل میلے کے لیے تجاویز طلب کی گئیں۔ بلال یاسین نے کہا کہ لاہور کی شاہراہیں رنگ برنگی سجاوٹ، خصوصی فلوٹس اور ثقافتی جھلکیوں سے جگمگا ئیں گی۔ وزیر ہاؤسنگ کے مطابق شہر کے داخلی و خارجی راستوں کو خیر مقدمی بینرز اور خصوصی لائٹنگ سے سجایا جائے گا۔

پنجاب پولیس کے فورس اور ان کے اہل خانہ کی ویلفیئر کیلئے اقدامات جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس کے فورس اور ان کے اہل خانہ کی ویلفیئر کیلئے اقدامات جاری ہیں جس کے تسلسل میں پنجاب پولیس کی جانب سے رواں سال پولیس فورس اور ان کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود پر مجموعی طور پر ایک ارب 34 کروڑ 66 لاکھ روپے سے زائد رقم خرچ کی گئی ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ پولیس ملازمین کے بچوں کو ایجوکیشنل سکالرشپس کی مد میں 39 کروڑ 31 لاکھ روپے سے زائد رقم جاری کی گئی۔



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ایم پی اے رحمت صالح بلوچ ملاقات کر رہے ہیں۔

دو ماہ کی ترسیلات زر آئی ایم ایف پروگرام کی رقم کے برابر پہنچ گئیں

لاہور (این این آئی) اوورسیز پاکستانیوں کی جانب سے رواں مالی سال کے پہلے دو ماہ ترسیلات زر کی آمد میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ اعداد و شمار بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے مالی سال 2026،27 کے ابتدائی دو ماہ کے دوران 7 ارب 30 کروڑ ڈالر کی ترسیلات زر پاکستان بھیج دیں، دو ماہ کی ترسیلات زر آئی ایم ایف پروگرام کی رقم کے برابر پہنچ گئیں۔ رپورٹ کے مطابق بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے صرف اگست 2026 میں 3 ارب 70 کروڑ ڈالر وطن بھیجے گئے۔

گوگل کی پاکستانی طلبہ کیلئے اے آئی جدید تعلیمی ٹیکنالوجی تک رسائی کیلئے اہم پیشکش

تمام اہل طلبہ کو گوگل اے آئی پلس کی ایک سالہ سبسکرپشن مفت فراہم کی جائے گی

لاہور (این این آئی) گوگل نے پاکستانی طلبہ کے لیے مصنوعی ذہانت اور جدید تعلیمی ٹیکنالوجی تک رسائی آسان بنانے کے لیے ایک اہم پیشکش کی ہے جس کے تحت تمام اہل طلبہ کو گوگل اے آئی پلس کی ایک سالہ سبسکرپشن مفت فراہم کی جائے گی۔ اس اقدام کا مقصد اعلیٰ تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم طلبہ کو جدید مصنوعی ذہانت کے ایسے وسائل فراہم کرنا ہے جن کی مدد سے وہ تحقیق، امتحانات کی تیاری، اسائنمنٹس اور تعلیمی منصوبوں کو زیادہ موثر انداز میں مکمل کر سکیں۔